the Zoology is a difficult

المنار

تعلیم الاسلام کالج ربوہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

روشنی اور رفعت کا نشان

المنار

تعلیم الاسلام کالج۔ ربوہ

سرپرست

صاحبزادہ مرزا ناصر احمد ایم۔ اے (آکسن)

مدیران

عطاء المجیب راشد

شمشاد علی سید

اس شمارہ میں لکھنے والے

- صلاح الدین احمد
- پرویز پروازی
- مختار احمد
- امجد محمود نوشہری
- سلیم اختر صدیقی
- نعیم اختر صدیقی
- ہدایت اللہ ہادی
- محمد منظور صادق
- سعید انجم
- ابن قاضی

جلد ۱۳ — اکتوبر، نومبر، دسمبر ۱۹۶۳ء — شمارہ ۲

(ضیاء الاسلام پریس میں چھپوا کر تعلیم الاسلام کالج ربوہ سے شائع کیا۔)

"کُلُّ مَنْ عَلَیْہَا فَانٍ"

لاریب اللہ تعالیٰ کی ذات ہی قائم بالذات اور حیّ وقیوم ذات ہے جس کو کبھی زوال نہیں۔ باقی سب نے ایک دن اس کے حضور حاضر ہونا ہے۔ موت سے کسی ذی روح کو مفر نہیں لیکن بعض مقدس وجودوں کی جدائی اس حد تک اندوہناک ہوتی ہے کہ جوں جوں وقت گزرتا جاتا ہے ان کی یاد تازہ تر ہوتی جاتی ہے۔ فرقت کا غم بڑھتا جاتا ہے۔ اگرچہ خدا تعالیٰ کی ازلی تقدیر نافذ ہو چکی ہے اور خدا تعالیٰ کا محبوب اپنے فرائض منصبی بطریق احسن ادا کرنے کے بعد بتکمیل مرام اپنے رب کے حضور حاضر ہو چکا ہے لیکن دل ہیں کہ ان کو اس عظیم محسن کی وفات تسلیم کرنے میں ابھی تک تامل ہے حقیقت بہرحال حقیقت ہے جسے تسلیم کئے بغیر چارہ نہیں کہ حضرت قمر الانبیاء صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحب نور اللہ مرقدہٗ نے ۲ ستمبر ۱۹۶۳ء کی شام لاہور میں داعیٔ اجل کو لبیک کہا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

خدائی فیصلہ کے آگے سر تسلیم خم ہے لیکن ہمارے دل وفورِ غم سے ڈوبے جاتے ہیں۔ حضرت میاں صاحب مرحوم کی ذات گرامی جماعت کے لئے ایک عظیم سہارا اور مرکزی ثقل کی حیثیت رکھتی تھی۔ آپ حضرت بانی جماعت احمدیہ علیہ السلام کے نامور فرزند، عظیم الشان خدائی نشانات کے مظہر اور مقدس بزرگ تھے۔ آپ صاحب کشف والہام تھے۔ اللہ تعالیٰ کی ذات پر کامل یقین اور خالق کائنات کے ساتھ سچے عشق کا بے پناہ جذبہ آپ کے اوصاف حمیدہ میں سرفہرست تھا۔ اسلام، بانیٔ اسلامؐ اور قرآن حکیم کے ساتھ بے پایاں محبت آپ کے اخلاق کا طرۂ امتیاز تھی۔ دینی غیرت وحمیت کا پاکیزہ جذبہ آپ کے وجود باجود میں اس قدر رچا ہوا تھا کہ جہاں کہیں اسلام کی عزت وناموس پر کسی شقی القلب نے تازیانہ حملہ کیا اسلام کا یہ بطل جلیل فوراً اسلام کے دفاع کیلئے سینہ سپر ہو گیا اور اپنی خداداد جلالی شان اور اپنے رعب ووقار کے ساتھ ایسا محکم اور مدلل جواب دیا کہ دشمن لاجواب ہو کر رہ گیا۔ جس تحریر آپ کے کردار کا ایک اہم پہلو ہے جو آپ کو اپنے والد ماجد حضرت مسیح موعود علیہ السلام سے ورثہ میں ملا۔ بلاشبہ آپ حضرت "سلطان القلم" علیہ السلام کے نامور صاحب قلم فرزند تھے۔ آپ کی گرانقدر علمی تصانیف اور قلمی خدمات تاریخ احمدیت کا ایک سنہری باب ہیں اور رشد وہدایت اور جلائے ذہنی کا ایک لازوال خزانہ!۔ جماعت کا کوئی فرد بھی آپکی ہمدردی سے محروم نہ تھا لیکن کالج کے طلباء کے ساتھ آپ کا سلوک خاص مشفقانہ رنگ کا تھا۔ ۱۹۴۴ء میں آپ نے کالج کمیٹی کے صدر کی حیثیت سے جو گرانقدر خدمات سرانجام دیں وہ کبھی فراموش نہیں کی جا سکتیں۔

ہم اراکین ادارۃ المنار اس سانحہ جانکاہ پر سیدنا حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالیٰ، حضرت میاں صاحبؓ کے اہل خانہ، آپ کے بچوں، دیگر افراد خاندان حضرت مسیح موعود علیہ السلام اور احباب جماعت سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہیں۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ حضرت میاں صاحبؓ کے درجات بلند فرمائے اور اعلیٰ علیین میں اپنے خاص مقام قرب سے نوازے۔ آمین یا ارحم الراحمین۔

(ع۔م۔ا)

اداریہ

سخنہائے گفتنی

دانش گاہ پنجاب کے سربراہ کی حیثیت سے پروفیسر حمید احمد خاں صاحب بالقابہ کا تقرر ہمارے نزدیک، مسائلِ رواں کی سب سے اہم اور خوش کن خبر ہے — ہم تہ دل سے پروفیسر موصوف کی خدمت میں ہدیۂ مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ اللہ ان کے وجود کو دانشگاہ پنجاب کے لئے مفید ترین بنائے اور اس تقرر کے جلو میں آنے والی گوناگوں اور متنوع ذمہ داریوں بطریقِ احسن عہدہ برآ ہونے کی توفیق بخشے۔ آمین

ہمیں پروفیسر حمید احمد خاں صاحب کی ذاتِ گرامی سے اور انہیں تعلیم الاسلام کالج سے جو انس ہے وہ محتاجِ بیان نہیں — اس لئے ہم بجا طور پر ان کی ذاتِ ستودہ صفات سے چند توقعات وابستہ رکھتے ہیں — ہماری خواہش ہے کہ جہاں وہ دانشگاہ پنجاب کی انتظامی الجھنوں کو دُور کرنے کی سعی فرمائیں وہاں وہ وسیع تر قومی مفاد کے پیشِ نظر اپنی قومی زبان کو اس کا جائز مقام دلانے کی کوشش میں بھی مصروف رہیں گے۔ ہمیں یقین ہے کہ قومی زبان کا یہ پرستار اپنے مرتبہ اور مقام کے لحاظ سے اُردو کی بیش از بیش خدمات سرانجام دینے کے لئے ہر دم مستعد رہے گا! اور اُردو کی محبت اُن کے دل سے محو نہیں ہو گی۔!

دانش گاہِ کراچی کا فیصلہ کردہ اُردو کو اعلیٰ درجوں تک بھی ذریعۂ تعلیم جاری ہے، ہر لحاظ سے قابلِ تحسین و ستائش اور لائقِ تقلید ہے۔ ہم پروفیسر حمید احمد خاں صاحب کی خدمتِ عالیہ میں گزارش کرتے ہیں کہ وہ بھی جرأتِ رندانہ سے کام لیتے ہوئے اپنے آہنی عزم کا مظاہرہ فرمائیں اور یہ انقلابی فیصلہ کر گزریں۔ ہم توثق سے کہہ سکتے ہیں کہ ان کا یہ اقدام قوم پرست حلقوں میں بنگاہِ تحسین دیکھا جائے گا اور ان کا نام اُردو کے پرستاروں میں سرِ فہرست ہو گا۔ انشاء اللہ العزیز۔

اس ضمن میں ایک حقیر سی تجویز یہ ہے کہ اگر فی الوقت یہ ممکن نہ ہو تو اُردو کو کم از کم بی۔ اے کے معیار تک ایک لازمی مضمون کی حیثیت دی جائے — اگر بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کی طرح بی۔ اے کے کورس میں اختیاری (OPTICNAL) مضمون کی جگہ اردو کو لازمی مضمون کی حیثیت دے دی جائے تو ہمارا خیال ہے کہ یہ امر چنداں مشکل نہ ہو گا۔!

ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کے وجود کو دانش گاہِ پنجاب اور ملک و ملت کی اعلیٰ ترین خدمات کی توفیق بخشے۔

ع

ایں دعا از من و از خلقِ خدا آمین باد !

(پ۔پ)

ہم اور آپ

المنار کا تازہ شمارہ آپ کے ہاتھوں میں ہے ـــــ ہم نے اپنی سی پوری کوشش کی ہے کہ اسے آپ کے لئے زیادہ سے زیادہ دلچسپ اور مفید بنائیں ـــــ ہم اس مقصد میں کہاں تک کامیاب ہوئے ہیں اس کا فیصلہ آپ فرمائیں گے۔!

المنار اس لحاظ سے نئے دور میں داخل ہوا ہے کہ مدیران نئے ہیں اور غالباً مواد بھی آپ کے لئے نیا ہوگا! آپ کے مضامین سے ترتیب دیا ہوا رسالہ ہے اور آپ کے مضامین سے ہی آئندہ ترتیب دیا جائے گا! اس کا معیاری ہونا آپ کی دلچسپی پر منحصر ہے اس لئے ہم نیک خواہشات سے آپ کی خدمت میں یہی درخواست کرتے ہیں کہ ؎

نیا سفر ہے، نئی منزلیں، نئی راہیں ؎ نئے چراغ جلاؤ نئے سفر کے لئے!

آیئے ہم اس رسالہ کے معیار کو بلند سے بلند تر کرنے کی سعی کرنے کا عہد کریں! امید ہے آپ ہمارے ساتھ ہر ممکن تعاون فرمائینگے ـــــ آپ کے تعاون کا مطلب ہماری کامیابی اور ہماری کامیابی کا مطلب معیاری رسالہ ہے!

اس شمارہ میں جو مقالات شامل کئے جا رہے ہیں وہ آپ ہی کے بعض ساتھیوں کے لکھے ہوئے ہیں۔ آپ بھی قلم اٹھائیے، آپ بھی ایسے مقالات لکھ سکتے ہیں یہ کوئی مشکل کام نہیں فقط عزم کرنے کی بات ہے۔ محمد منظور صادق صاحب حضرت مرزا بشیر احمد صاحبؓ کے بارہ میں اپنے تاثرات پیش کر رہے ہیں ـــــ دیکھئے ہم سب کے دل کی آواز ہے نا! نعیم اختر صدیقی صاحب گیارھویں کے طالبعلم ہیں، غالب کی نثر کے بارہ میں ان کا مقالہ بڑا خیال افروز اور قابلِ قدر ہے ـــــ سعید انجم صاحب سعادت حسن منٹو کے بارہ میں کچھ کہہ رہے ہیں اور ہدایت اللہ ہادی صاحب خواجہ حیدر علی آتش صاحب کو لے آتے ہیں! استقبال کیجئے نا ان کا ـــــ آپ کے جانے پہچانے ہیں دونوں! اگر نہیں تو اب سے تعارف پیدا کر لیجئے! ـــــ کالج کے قدیم طلباء میں سے سلیم اختر صدیقی صاحب اور امجد محمود نوشہروی صاحب شریکِ محفل ہیں ـــــ صدیقی صاحب اقتصادی مسائل کے بارہ میں خامہ فرسائی فرما رہے ہیں اور امجد صاحب "خونِ جگر ہونے تک" کے بارہ میں!! 'خونِ جگر ہونے تک' فضل احمد کریم فضلی کا مشہور ناول ہے! کیا آپ نے پڑھا ہے؟ اگر نہیں تو اس مضمون کی روشنی میں اسے پڑھئے! افسانوں اور ہلکے پھلکے مضامین کا حصہ بھی دیکھئے "طاہر قاضی صاحب کے شادی کے نام خط" کے بارہ میں آپ کا کیا خیال ہے؟ مختار احمد صاحب کا افسانہ بھی شاملِ اشاعت ہے۔ نظموں کا حصہ کچھ "لاغر" ہے اور ہمیں اس ناتوانی پر کوئی افسوس نہیں کیونکہ عطائے تو بہ لقائے تو ـــــ جو کچھ قابلِ اشاعت تھا وہ ہم نے شائع کر دیا اور جو بہت سی غزلیں بھی آپ نے بھجوائی تھیں وہ قابلِ اشاعت نہ تھیں! اب ہمارا کیا قصور؟ توجہ فرمائیے نا اس طرف!!

ہمیں آپ سے بہت سی توقعات ہیں۔ ہمیں مایوس نہ فرمائیے! لکھنے کی کوشش کیجئے! پھر کوشش کیجئے!! اور پھر کوشش کیجئے!!!

ہمیں آپ کے چہروں پر مستقبل کی روشنی درخشاں نظر آتی ہے ـــــ یاد رکھیں ؏

تمہیں ہو گے فروغِ بزمِ امکاں، ہم نہیں ہوں گے!

(مدیران)

قال اللہ تعالیٰ وقال الرسولؐ

صحبتِ صالحین

اللہ تبارک وتعالیٰ نے قرآن مجید میں فرمایا ہے :۔

یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰہَ وَکُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِیْنَ ○ (توبہ : ۱۱۹)

ترجمہ :۔ اے ایمان والو! جو ایمان لائے ہو اللہ تعالیٰ کا تقویٰ اختیار کرو اور سچے لوگوں کی صحبت اختیار کرو۔

پھر ایک اور جگہ فرمایا :۔

وَاصْبِرْ نَفْسَکَ مَعَ الَّذِیْنَ یَدْعُوْنَ رَبَّھُمْ بِالْغَدٰوۃِ وَالْعَشِیِّ یُرِیْدُوْنَ وَجْھَهٗ وَلَا تَعْدُ عَیْنٰکَ عَنْھُمْ تُرِیْدُ زِیْنَۃَ الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا وَلَا تُطِعْ مَنْ اَغْفَلْنَا قَلْبَهٗ عَنْ ذِکْرِنَا وَاتَّبَعَ ھَوٰىهُ وَکَانَ اَمْرُهٗ فُرُطًا ○ (کہف : ۲۹)

ترجمہ :۔ اور تو اپنے آپ کو ان (خدا رسیدہ) لوگوں کے ساتھ (لگائے) رکھ جو اپنے رب کی خوشنودی حاصل کرنے کے لئے صبح اور شام (غرض ہر وقت) اس کے آستانہ پر جھکے رہتے ہیں۔ اور تیری آنکھ ورلی زندگی کی زینت کے حصول کی خاطر ان (کو نظر انداز اور حقیر جانتے ہوئے) ان سے آگے نہ گزر جائے۔ اور تو ایسے شخص کی پیروی نہ کر جس کے دل کو ہم نے اپنی یاد سے غافل کر رکھا ہے جو اپنی بُری خواہشات کی پیروی کرتا ہے اور جس کا معاملہ حد سے تجاوز کر چکا ہے

سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی صحبتِ صالحین اختیار کرنے کی بہت تاکید فرمائی ہے۔ اچھے ساتھی کی خوبیوں اور بُرے ساتھی کی خرابیوں کی مثال بیان فرماتے ہوئے حضورؐ نے ایک مرتبہ ارشاد فرمایا :۔

اِنَّمَا مَثَلُ جَلِیْسِ الصَّالِحِ وَجَلِیْسِ السَّوْءِ کَحَامِلِ الْمِسْکِ وَنَافِخِ الْکِیْرِ فَحَامِلُ الْمِسْکِ اِمَّا اَنْ یُّحْذِیَکَ وَاِمَّا اَنْ تَبْتَاعَ مِنْهُ وَاِمَّا اَنْ تَجِدَ مِنْهُ رِیْحًا طَیِّبَۃً، وَنَافِخُ الْکِیْرِ اِمَّا اَنْ یُّحْرِقَ ثِیَابَکَ وَاِمَّا اَنْ تَجِدَ مِنْهُ رِیْحًا مُّنْتِنَۃً۔ (ریاض الصالحین)

یعنی اچھے اور بُرے ساتھی کی مثال خوشبو رکھنے والے اور بھٹی جھونکنے والے کی مانند ہے۔ خوشبو رکھنے والا تجھے اس میں سے کچھ دیدیگا یا تو اس میں سے کچھ خرید لیگا ورنہ تو اس کی اچھی خوشبو ہی پائے گا اور بھٹی جھونکنے والا یا تو تیرے کپڑے جلا دیگا اور یا تو اس سے بدبو دار ہوا پائے گا۔

امید ہے کہ طلباء ان ارشادات باری تعالیٰ اور فرمودات نبوی کی روشنی میں نیک اور شریف دوستوں کی رفاقت حاصل کرنیکی کوشش کریں گے۔
(ع۔ ھ۔ س)

تبرکات

ہمارا پیارا خدا

(کلمات طیبات سیدنا حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام)

"اے سُننے والو سُنو کہ خدا تم سے کیا چاہتا ہے۔ بس یہی کہ تم اُسی کے ہو جاؤ۔ اُس کے ساتھ کسی کو بھی شریک نہ کرو۔ نہ آسمان میں نہ زمین میں۔ ہمارا خدا وہ خدا ہے جو اَب بھی زندہ ہے جیسا کہ پہلے زندہ تھا۔ اور اب بھی وہ بولتا ہے جیسا کہ وہ پہلے بولتا تھا۔ اور اب بھی وہ سُنتا ہے جیسا کہ پہلے سُنتا تھا۔ یہ خیال خام ہے کہ اِس زمانہ میں وہ سُنتا تو ہے مگر بولتا نہیں۔ بلکہ وہ سُنتا ہے اور بولتا بھی ہے۔ اس کی تمام صفات ازلی ابدی ہیں۔ کوئی صفت بھی معطل نہیں اور نہ کبھی ہوگی۔ وہ وہی واحد لاشریک ہے جس کا کوئی بیٹا نہیں اور جس کی کوئی بیوی نہیں۔ اور وہ وہی بے مثل ہے جس کا کوئی ثانی نہیں اور جس کی طرح کوئی فرد کسی خاص صفت سے مخصوص نہیں۔ اور جس کا کوئی ہمتا نہیں۔ جس کا کوئی ہم صفات نہیں۔ اور جس کی کوئی طاقت کم نہیں۔ وہ قریب ہے باوجود دُور ہونے کے۔ اور دُور ہے باوجود قریب ہونے کے۔ وہ تمثل کے طور پر اہلِ کشف پر اپنے تئیں ظاہر کر سکتا ہے۔ مگر اس کے لئے نہ کوئی جسم ہے اور نہ کوئی شکل ہے۔ اور وہ سب سے اُوپر ہے مگر نہیں کہہ سکتے کہ اس کے نیچے کوئی اَور بھی ہے۔ اور وہ عرش پر ہے مگر نہیں کہہ سکتے کہ زمین پر نہیں۔ وہ مجمع ہے تمام صفاتِ کاملہ کا۔ اور مظہر ہے تمام محامدِ حقّہ کا۔ اور سرچشمہ ہے تمام خوبیوں کا۔ اور جامع ہے تمام طاقتوں کا۔ اور مبداء ہے تمام فیضوں کا۔ اور مرجع ہے ہر ایک شے کا۔ اور مالک ہے ہر ایک ملک کا۔ اور متصف ہے ہر ایک کمال سے۔ اور منزہ ہے ہر ایک عیب اور ضعف سے۔ اور مخصوص ہے اِس امر میں کہ زمین والے اور آسمان والے اسی کی عبادت کریں۔"

(کشتی نوح)

تبرّکات

حضرت مرزا بشیر احمدؓ آج ہم میں نہیں لیکن ان کی غیر فانی تحریریں آج بھی ہمارے دل و دماغ میں یک گونہ تابندگی پیدا کرنے کے لئے موجود ہیں۔ ذیل میں ان کے مبارک قلم سے نکلا ہوا ایک اقتباس درج کیا جاتا ہے جو اُن کی سحر بیانی اور جادو نگاری کا آئینہ دار ہے ـــــ یہ تحریر حضرت خلیفۃ المسیح الاوّلؓ کی وفات اور خلافتِ ثانیہ کے آغاز کے بارہ میں لکھی گئی ـــــ

"اے جانے والے! تجھے تیرا پاک عہدِ خلافت مبارک ہو کہ تُو نے اپنے امام و متاع مسیح کی امانت کو خوب نبھایا اور خلافت کی بُنیادوں کو ایسی آہنی سلاخوں سے باندھ دیا کہ پھر کوئی طاقت اسے اپنی جگہ سے ہلا نہ سکی۔ جا۔ اور اپنے آقا کے ہاتھوں سے مبارکباد کا تحفہ لے اور رضوانِ یار کا ہار پہن کر جنّت میں ابدی بسیرا کر۔ اور اے آنے والے! تجھے بھی مبارک ہو کہ تُو نے سیاہ بادلوں کی دل ہلا دینے والی گرجوں میں مسندِ خلافت پر قدم رکھا اور قدم رکھتے ہی رحمت کی بارشیں برسا دیں۔ تُو ہزاروں کانپتے ہوئے دلوں میں سے ہو کر تختِ امامت کی طرف آیا اور پھر صرف ایک ہاتھ کی جنبش سے ان تھرّاتے ہوئے سینوں کو سکینت بخش دی۔ آ۔ اور ایک شکور جماعت کی ہزاروں دعاؤں اور تمنّاؤں کے ساتھ ان کی سرداری کے تاج کو قبول کر۔ تُو ہمارے پہلو سے اُٹھا ہے مگر بہت دُور سے آیا ہے۔ آ۔ اور ایک قریب رہنے والے کی محبّت اور دُور سے آنے والے کے اکرام کا نظارہ دیکھ۔

اے فخرِ رسل قربِ تو معلوم شد
دیر آمدۂ زراہِ دُور آمدۂ"

(سلسلہ احمدیہ صفحہ ۳۲۴)

محمد منظور صادق
بی۔ اے سال اوّل

جانیوالے کبھی نہیں آتے ؛ جانیوالوں کی یاد آتی ہے

چودھویں کا چاند اپنی پوری آب و تاب کے ساتھ طلوع ہونے والا تھا لیکن کائنات اُداسی کی ایک کثیف چادر میں لپٹی ہوئی سی محسوس ہو رہی تھی! یہی چاند جو کبھی خوشیوں کی بہاریں اپنے ساتھ لاتا تھا ـــــ آج اس کی روشنی میں تمام دنیا کے لئے ایک جگر پاش پیغام مضمر تھا۔ ہاں یہ چاند اس زمین پر بسنے والے اپنے جیسے ایک اور چاند کے لئے خدائے قادر و قیوم کی خدمت میں حاضر ہونے کا پیغام لے کر آیا تھا۔ جونہی آسمان کا چاند طلوع ہوا ـــــ زمین کا چاند غروب ہو گیا!

یہ واقعہ ہے اُس شام کا جبکہ قمر الانبیاء حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحبؓ عین طلوعِ بدر کے وقت اِس دنیائے فانی سے رحلت فرما گئے۔ ہاں! یہ واقعہ ہے اُس شام کا جبکہ نبیوں کا یہ پیارا چاند اس دنیا کو سوگوار بنا کر اپنے خدا کی آواز پر لبیک کہتا ہوا اس کی خدمت میں حاضر ہو گیا۔ یہ چاند خدا تعالیٰ کو کس قدر محبوب تھا کہ جس نے اس کے بلاوے کے لئے ایک طرف تو ماہِ کامل کو بھیجا اور دوسری طرف مہرِ منوّر کو اس کا ہمرکاب کیا۔ اور اِس طرح سورج کے غروب ہونے کے ساتھ ہی "نبیوں کا یہ چاند" اپنے روحانی سورج اور اِس زمانے کے بدرِ کامل کی محفل میں جا شریک ہوا۔

اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن

۲ ستمبر کا یہ اندوہناک واقعہ اب بھی یاد ہے اور ہماری آنکھیں اب بھی لہو روتی ہیں۔ اگر ایک طرف زمین پر بسنے والی مخلوق، ہاں وہ مخلوق جو اِس چاند سے روحانی نور اور بصیرت حاصل کرتی تھی بے چین و بے قرار، غموں سے نڈھال، سر بگریباں اور اشک ریز تھی تو دوسری طرف آسمان بھی ماتمی چادر اوڑھے ہوئے تھا۔ اُس کے لئے بھی اِس غم کو جھیل جانا ممکن نہ تھا۔ چنانچہ بارش کی صورت میں آسمانی آنسوؤں کا سیلاب جاری تھا۔ زمین پر بسنے والوں کی دردناک آہوں نے آسمان کو بھی رُلا دیا۔ ع

کون روتا ہے کہ جس سے آسماں بھی رو پڑا

کس کو یقین آتا تھا کہ یہ پیارا چاند اِس قدر تیزی سے اپنی گردش ختم کر کے ہماری آنکھوں سے ہمیشہ کے لئے اوجھل ہو جائے گا۔ کانوں نے خبر سُنی تو جھوٹ جانا اور دل اب بھی باور کرنے کو تیار نہیں! ـــــ حالانکہ ایک ماہ سے بھی زیادہ عرصہ بیت چکا ہے۔ آپ کا نورانی چہرہ اب بھی آنکھوں کے سامنے ہے۔ ہاں! اب بھی وہ چاند اپنے پورے جمال کے ساتھ

کبھی جلسہ سالانہ کے سٹیج پر، کبھی مشاورت کی کرسیٔ صدارت پر، کبھی خدام الاحمدیہ اور انصار اللہ کے پنڈال میں حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کے پیغامات پڑھتا ہوا، مسجد مبارک کے وسیع صحن میں چہل قدمی کرتا ہوا، دکھی اور رنجور دلوں کو تسکین اور تسلی دیتا ہوا آنکھوں میں پھر رہا ہے! آہ! وہ حسین چہرہ آج تک آنکھوں کے سامنے ہے اور شاید ہی کبھی اوجھل ہو سکے ؎

جانے والے کبھی نہیں آتے ؛ جانے والوں کی یاد آتی ہے

وہ عظیم ہستی، عظیم تر اوصاف و کمالات کی جامع تھی ـــــ کہ شمار کرنے بیٹھوں تو شمار نہ کر سکوں۔ چند ایک خصوصیات زینتِ قرطاس کرتا ہوں۔

سب سے زیادہ متاثر کرنے اور دلوں کو موہ لینے والی چیز آپ کا چہرۂ مبارک تھا۔ جس میں چاند جیسی خوبصورتی، لطافت اور ٹھنڈک تھی۔ چہرہ متبسم اور بڑا پُروقار، آنکھیں نیچی مگر نگاہیں دُور رس! وہ حسن کہ الفاظ میں طاقت کہاں کہ اظہار کی جرأت کر سکیں!!

دوسری بڑی خصوصیت جو خاص طور پر آپ کی ذاتِ بابرکات سے وابستہ تھی وہ آپ کی منکسر المزاجی اور غریب پروری تھی۔ آپ ہر اعلیٰ ادنیٰ اور غریب و امیر سے نہایت خوش خلقی، محبت اور شفقت سے پیش آتے۔ مَیں نے کئی دفعہ آپ کو چھوٹے چھوٹے بچوں سے مصروفِ گفتگو پایا۔ اور اِس حال میں کلام کرتے ہوئے دیکھا کہ جس طرح ایک مہربان باپ اپنے عزیز بچوں سے کرتا ہے۔ آپ سے جو بھی ملتا ایک قسم کا روحانی سرور حاصل کرتا اور سمجھتا کہ آج اُس جیسا خوش بخت شاید ہی کوئی ہو ؎

آپ جن کے قریب ہوتے ہیں ؛ وہ بڑے خوش نصیب ہوتے ہیں

آپ کا دروازہ ہر ایک کے لئے کھلا رہتا تھا۔ جب بھی کوئی حاضر ہوا آپ کو ملنے کے لئے تیار پایا۔ اور اِس طرح ہر ایک کو اپنے فیض سے بہرہ مند فرماتے۔ مجھے جب بھی آپ سے ملاقات کا شرف حاصل ہوتا تو کئی دن تک اس سعادت پر فخر کرتا۔ کیوں نہ فخر کرتا؟ ؎

مجھ سے ملنا پھر آپ کا ملنا ؛ آپ کس کو نصیب ہوتے ہیں

تیسرے آپ کا اندازِ بیان!! ـــ آپ نے یہ ملکہ واقعی "حضرت سلطان القلم" سے ورثہ میں حاصل کیا تھا۔ جب بھی کسی موقعہ پر خطاب فرماتے تو سامعین جھوم اُٹھتے اور اس قدر منہمک ہو جاتے کہ دنیا و مافیہا کی خبر تک نہ رہتی۔ آپ کی تحریر روحوں کو فرحت اور سرور بخشتی تھی۔ جلسہ سالانہ پر آپ کی "ذکرِ حبیب" پر تقاریر کے الفاظ اب بھی کانوں میں گونج رہے ہیں۔ آپ کا مخصوص اندازِ بیان جسم کے رگ و ریشہ میں ایک عجیب کیفیت پیدا کر دیتا تھا۔ آپ کی تحریرات ہر زمانہ میں اہلِ علم اور اہلِ قلم کے لئے مشعلِ راہ کا کام دیں گی۔

چوتھے توکّل !! ـــــ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے ساتھ کئے گئے خدائی وعدوں کے پُورا ہونے کا حق الیقین تھا۔ ایک دفعہ خاکسار نے گاؤں میں شدید مخالفت کا ذکر کر کے دعا کی درخواست کی۔ کافی تسلّی دینے کے بعد اور مختلف واقعات بیان فرما کر فرمایا "مخالفت کھاد کا کام دیتی ہے۔ کھاد بظاہر کس قدر بدبودار اور ناپاک ہوتی ہے مگر جب کھیت میں ڈالی جائے تو فصل کس قدر عمدہ ہوتی ہے۔ اس سے گھبرانا نہیں چاہیئے کہ مخالفت ہو رہی ہے بلکہ ثابت قدمی اور احسن طریقہ سے ان کا مقابلہ کریں۔ جو لوگ آج آپ کے دشمن ہیں وہ کل آپ کے ساتھ شامل ہونگے"۔ چنانچہ اس کے چند دن بعد ہی حالات نے کچھ اِس طرح پلٹا کھایا کہ وہ دشمن جو جماعت کو ختم کرنے کے منصوبے تیار کر رہے تھے خود ہی معافی مانگتے ہوئے ہمارے پاس آئے اور اس کے بعد پھر کبھی کھُلے بندوں مخالفت کی جرأت نہ کی۔

توکّل علی اللہ کی دوسری مثال روس کے وزیر اعظم مسٹر خروشچیف کے اُس دعویٰ کا جواب ہے کہ "میں اشتراکیت کو اپنی زندگی میں ہی غالب دیکھنا چاہتا ہوں"۔ ایک طرف تو دنیا کی سب سے بڑی طاقت کا ایک سربراہ اشتراکیت کے غلبہ کی خواہش کرتا ہے اور اپنی طاقت کے بل بوتے پر اُسے اس کا پورا یقین ہے۔ لیکن دوسری طرف خدا تعالیٰ کا یہ درویش انسان ربوہ کی ایک چھوٹی سی بستی سے اس کا جواب دیتا ہے کہ مسٹر خروشچیف کی یہ خواہش کبھی پوری نہیں ہوگی اور پھر حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی تحریرات اور پیشگوئیوں کی روشنی میں اُس پر یہ بات واضح کر دی جاتی ہے کہ آخر اسلام ہی غالب ہوگا اور اشتراکیت مغلوب۔ اللہ۔ اللہ! کس قدر یقین تھا خدا تعالیٰ کے وعدوں پر جو اُس نے اپنے مسیح پاک سے کئے کہ دنیا کی سب سے بڑی طاقت کا جواب خدا تعالیٰ کا ایک گوشہ نشین مجاہد کس شان سے دے رہا ہے ـــــ اندازہ فرمائیے کہ کتنا یقین اور توکّل ہے !! وذالک فضل اللہ یؤتیہ من یشاء۔

وہ ہم سے رخصت ہو گئے لیکن ان کی یاد اب بھی دلوں میں زندہ ہے اور زندہ رہے گی ؎

اس نے سب کو بُھلا دیا دل سے
اس کو دل سے بُھلائیگا اب کون؟

● ۔ "جس نے کچھ پایا محنت اور خدمت سے ہی پایا"۔

(خواجہ معین الدین چشتیؒ)

● ۔ "سب سے بُری طاقت وہ ہے جس سے انسان کے اندر تکبّر اور غرور پیدا ہو"۔

(ابن عطّارؒ)

مقالات

- صلاح الدین احمد
- امجد محمود نوشہروی
- سلیم اختر صدیقی
- نعیم اختر صدیقی
- ہدایت اللہ ہادی
- سعید انجم

اے آمدنت.....

۹ر جون ۱۹۶۳ء کو تعلیم الاسلام کالج کا سالانہ جلسۂ تقسیم اسناد انعقاد پذیر ہوئے۔ ادیب بزرگ مولانا صلاح الدین احمد مہمان خصوصی کی حیثیت سے شریک ہوئے۔ حضرت صاحبزادہ مرزا ناصر احمد صاحب پرنسپل تعلیم الاسلام کالج نے ان کو خوش آمدید کہتے ہوئے فرمایا:۔

"ہمارے آج کے معزز مہمان جناب مولانا صلاح الدین احمد کی ذاتِ گرامی کسی تعارف کی محتاج نہیں۔ اپنی ذاتی صلاحیتوں اور عدیم المثال خدمات کے باعث آپ ملک کے علمی، ادبی اور اصلاحی حلقوں میں ہمہ گیر شہرت اور عزّت کے مالک ہیں۔ آپ کی یہ خدمات عظیم بھی ہیں اور اہم بھی۔ آپ کی پُرکشش شخصیت اور صدقِ نیت کے دوست دشمن سبھی مدّاح ہیں۔ مولانا ایک عظیم ادیب ہی نہیں بلکہ ایک عظیم انسان بھی ہیں۔ آپ ایک فرد ہی نہیں ادارہ ہیں۔ آپ صرف "ادبی دنیا" ہی کے نہیں بلکہ دیگر ادب کے بھی سربراہ ہیں۔ آپ کی ادبی تخلیقات شہرتِ عام اور بقائے دوام کی سند حاصل کر چکی ہیں۔ یہ امر ہمارے لئے تشکّر و امتنان اور فخر کا باعث ہے کہ ہمارا اور مولانا کا ہمیشہ چولی دامن کا ساتھ رہا ہے اور مولانا کی کرم فرمائی نے تعلیم الاسلام کالج کو ہمیشہ ایک متاعِ عزیز کی حیثیت سے نوازا ہے۔ آپ اپنی علالتِ طبع اور متنوّع مصروفیات کے باوصف بنفسِ نفیس کالج میں تشریف لاکر ہماری علمی و ادبی سرگرمیوں میں شمولیت فرماتے رہے ہیں۔ مولانا ایک بے غرض، مخلص، بے باک، روشن دماغ اور غیور پیرِ جواں ہمت ہیں۔ آپ ادبِ عالیہ کی عظیم ترین روایات کے حامل اور علمبردار، خود ایک صاحبِ طرز ادیب، نثر نگار اور نقّاد اور زبانِ اُردو کے قدیم خادم اور شیدائی ہیں۔ قوم کے ادبی و فکری مزاج کی تہذیب و تزئین میں مولانا نے جو کارہائے نمایاں سرانجام دیئے ہیں اور کیسوئے اردو کو جو کئی لحاظ سے اب تک منّت پذیرِ شانہ تھے جس ریاضت، انہماک اور محبت سے سنوارا ہے قوم اگر آج نہیں تو کل انہیں ضرور پہچانے گی۔ اور اس داستانِ عظیم کی جس میں مولانا قدم قدم پر ایک ہیرو کا کردار ادا کرتے ہوئے نظر آتے ہیں ایک قومی دستاویز کی حیثیت سے دل سے قدر کرے گی۔ علمی و ادبی کساد بازاری اور قحط الرجال کے اس دور میں آپ کا وجود بسا غنیمت ہے۔ دُعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کو صحت و عافیت کے ساتھ دیر تک ہمارے درمیان زندہ و سلامت رکھے۔ ہم ممنون ہیں کہ آپ نے جلسۂ تقسیم اسناد کی تقریب میں مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے شمولیت فرما کر ہماری عزّت افزائی فرمائی ہے۔ فجزاکم اللہ احسن الجزاء۔ ہم آپ کو صدقِ دل سے خوش آمدید کہتے ہیں"+

.... اجازتِ رخصت

مولینا صلاح الدین احمد نے جو خطبہ ارشاد فرمایا اُس کا مکمل متن درج ذیل ہے :-

جنابِ استاذِ کبیر، اساتذہ کرام، حضراتِ محترم و عزیزانِ گرامی!

جادۂ حیات کا یہ مسافر اپنے سفر کے آخری مراحل طے کرتا ہُوا اِس نخلستانِ معرفت میں حاضر ہُوا ہے اور ابھی اُس کی آنکھیں اِس کی شادابیوں سے طراوت کے حصول میں محو اور اُس کی رُوح اِس کی نسیمِ جاں نواز کے جھونکوں سے فرحاں ہونے کی اوّلین کوششوں میں مصروف تھی کہ باغبان نے اس کے شانوں پر احسان و مروّت کے بہت بڑے بڑے بوجھ رکھ دیئے اور اُس کی ناتوانیوں کا قطعاً کوئی خیال نہیں فرمایا ــــــ کیوں صاحب! کیا آپ کے ہاں تھکے ہارے مسافروں کے ساتھ ایسا ہی سلوک کیا جاتا ہے؟

مَیں جنابِ والا سے نہایت عاجزی کے ساتھ یہ التجا کرتا ہوں کہ مَیں واقعی اُس لطفِ کریمانہ کا بار نہیں اُٹھا سکتا جو آپ نے آج صبح میرے لئے تجویز فرمایا ہے۔ ازراہِ ترحّم مجھے اِس سے سبکدوش فرمایئے تاکہ مَیں اطمینان کا سانس لے کر اپنے دل کی چند باتیں اِس انجمنِ حکمت و معرفت اور اِس محفلِ خلوص و محبّت میں یک گونہ احساسِ فراغت سے کہہ سکوں۔

عزیزانِ گرامی! آپ نے خوش بختی سے زندگی میں داخل ہونے کا وہ زمانہ پایا ہے جب عروجِ آدمِ خاکی سے انجم سہمے جاتے ہیں۔ انسان اپنی مادی ترقی کی انتہا کو پہنچ چکا ہے۔ اگر حقیقتاً ہم نہیں جانتے کہ کتنی اَور انتہائیں اپنی ابتداؤں کی منتظر ہیں۔ مَیں نے آپ کو خوش بخت اس لئے کہا ہے کہ زندگی کا وہ چیلنج جو آج سے نصف صدی پہلے نو واردانِ عرصۂ تنگ دنیا کے سامنے آتا تھا اِس دعوتِ مبارزت کے سامنے ہیچ ہو چکا ہے جو زمانہ آج آپ کو دے رہا ہے۔ پھر کیا آپ خوش قسمت نہیں ہیں کہ آپ کے بازوؤں کی توانائیاں، ذہنوں کی روشنیاں، قلوب کی گرمیاں اور ارواح کی بالیدگیاں اُس جہانِ تازہ کے مسائل سے پنجہ آزما ہونے والی ہیں جسے خالقِ ارض و سماء کے جدید ترین ارادے اور مصالح معرضِ وجود میں لا رہے ہیں اور جسے رُوحِ حیات اور رُوحِ آدم دونوں خوش آمدید کہہ رہی ہیں ــــــ

میرے عزیزو! یہ ساعتِ سعید جو آپ کے سر پر آن پہنچی ہے اپنے اندر بے پناہ ممکنات رکھتی ہے۔ یہ وقت ڈرنے اور تامّل کرنے کا نہیں ہے۔ زمانہ زبانِ حال سے بار بار پکار رہا ہے کہ اے نیند کے ماتو اور اے مئے غفلت کے متوالو! ــــــ اُٹھو کہ کاروانِ حیات کو برق و باد کے پر لگ گئے ہیں اور وہ صدیوں کا فاصلہ منٹوں میں طے کرتا چلا جا رہا ہے، اور اس کی تیز رفتاری کی ہی نسبت سے اس کا اُفق بھی پھیلتا اور دُور تر ہوتا جا رہا ہے۔ پھر وہ کون پست ہمّت ہے جو آخر شب کی اِن گھڑیوں میں فرسودگی کی چادر اوڑھے سوتا رہے گا اور تقدیر کی اِذاں سُننے سے انکار کر دے گا۔

عزیزانِ گرامی! آپ ایک اور اعتبار سے بھی خوش بخت، بلکہ بدرجہ غایت خوش بخت ہیں۔ آپ نے ایسی رُوح افروز روایات ورثے میں پائی ہیں جو آپ کی معاصر قوموں کو نصیب نہیں ہوئیں۔ مسیح ناصری کی اُمّت کے خداوند خدا نے انسان سے مایوس اور بیزار ہو کر کہا تھا Dust thou art & to dust returneth یعنی اے انسان تو خاک ہے اور تیرا ملجا و ماویٰ بھی خاک ہے۔ لیکن اسلام کے خدا نے یہ فرما کر کہ لقد خلقنا الانسان فی احسن تقویم، اس کا رتبہ کائنات کی سب بلندیوں سے بلند اور موجودات کی تمام شرافتوں سے شریف تر کر دیا اور بنی آدم کو نوید دی کہ لا تھنوا ولا تحزنوا وانتم الاعلون ان کنتم مؤمنین تم اپنے آپ کو کمزور مت جانو اور اس احساس سے اپنے آپ پر حزن و ملال، مایوسی اور ناامیدی مت طاری کرو کیونکہ اگر تم اپنے خدا پر اور اس کے خلیفہ کی حیثیت سے اپنے آپ پر ایمان رکھو گے تو تم اس کائنات کے سب سے اونچے مقامات پر فائز کئے جاؤ گے ـــــ میرے بچو! جس اُمت کو ایسا بے نظیر عقیدہ اور ایسا روح افروز وعدہ بارگاہِ الٰہی سے ارزانی ہو چکا ہو اُسے زمانے کا بڑے سے بڑا چیلنج قبول کرتے ہوئے کیا خوف آئے گا، اس کا ہاتھ اس کے خدا کے ہاتھ میں ہے۔ اور اگر وہ اسے مضبوطی سے تھام لے تو کائنات کی لامحدود وسعتیں اس کے زیرِ قدم آنے کو بے تاب و بے قرار ہو جائیں گی ـــــ یاد رکھئے کہ مادی ترقیات کے اس بے مثال عہد میں ہمیں آج بھی مغربی اقوام پر ایک تفوّق حاصل ہے اور وہ ہے ہمارے اس رُوحانی ورثے کا تفوّق، جو ہمیں جنابِ رسالت مآب سے ملا ہے۔ یاد رکھئے کہ عرب کے ایک یتیم لڑکے نے دنیا کی وہ سب سے بڑی حکومت قائم کی جس کی بنیاد بنی نوعِ انسان کی اخوت پر رکھی گئی تھی۔ اور جس کا آئین خود خداوند جل و علیٰ کا آئین تھا۔ دنیا کی بڑی سے بڑی قاہر اور طاغوتی طاقتیں مٹ گئیں کیونکہ وہ استعمار پر قائم تھیں۔ وہ انسان کو انسان کا غلام بنا کر استحصال بالجبر کے ذریعے خدا کی بادشاہت کو آسمان سے زمین پر لانے کی بجائے اسے زمین سے یکسر رخصت کر دینے میں مسلسل کوشاں رہیں اور آج اپنے مادی عروج کے نصف النہار پر پہنچ جانے کے بعد بھی کوشاں ہیں۔ امریکہ میں خدا کے سیاہ فام بندوں پر آج بھی باآبرو زندگی کے دروازے بند ہیں۔ روس کی بے پناہ وسعتوں میں خدا کا نام کہیں سُننے میں نہیں آتا۔ اور ان دونوں کے درمیان دُنیائے فرنگ مادی کامیابی کے ہیولوں کے پیچھے دیوانہ وار دوڑی جا رہی ہے اور نہیں جانتی کہ وہ کدھر جا رہی ہے۔ خداوند جل و علیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ آج ہم جب پیچھے مُڑ کر دیکھتے ہیں تو ہمیں فاران کی بلندیوں کے عقب سے تجلیاتِ رشد و ہدایات کی رُوح افروزیاں آج بھی نصیب ہوتی ہیں اور جب ہم قرآن کریم کے اوراق پلٹتے ہیں تو ہمیں خلافتِ الٰہی کے تقاضوں کا بھولا ہوا سبق آج بھی ارزانی ہوتا ہے ؎

یہ پہلا سبق تھا کتابِ ہدیٰ کا ‏ ‏ ‏ ‏ کہ ہے ساری مخلوق کنبہ خدا کا
وہی دوست ہے خالقِ دوسرا کا ‏ ‏ ‏ ‏ خلائق سے ہے جس کو رشتہ ولا کا
یہی ہے عبادت یہی دین و ایماں ‏ ‏ ‏ ‏ کہ کام آئے دنیا میں انساں کے انساں

میرے نوجوان دوستو! آپ کی میری خوش بختی یہ ہے کہ آپ نے جس ادارے میں تعلیم و تربیت پائی ہے وہ دُنیا میں دین کے امتزاج کا ایک نہایت متوازن تصوّر پیش کرتا ہے نہ صرف پیش کرتا بلکہ اسے عملِ مسلسل میں ملبوس بھی کرتا چلا جاتا ہے۔ خدا وہ دن جلد لائے جب ہم اس کالج کو ایک معیاری مکمّل اور منفرد کلّیہ کی حیثیت وصورت میں دیکھ سکیں۔ اور کوئی وجہ نہیں کہ جہاں کام کو کام نہیں بلکہ ایک مشن تصوّر کیا جاتا ہے، جہاں طلباء کو فقط پڑھایا نہیں جاتا بلکہ ان کے مزاجوں میں ایک کوہ شکن سنجیدگی اور کردار میں ایک شریفانہ صلاحیت پیدا کی جاتی ہے۔ اور جہاں اساتذہ کی قربانیاں اور جانفشانیاں اپنے پیچھے ایک کہکشاں نور چھوڑتی چلی جاتی ہیں، اہلِ خیر کی تمنّائیں کیوں نہ فروغ پائیں گی اور اہلِ علم کے عزائم کیوں نہ پُورے ہوں گے۔ آپ اب زیورِ علم سے آراستہ ہو کر زندگی کی دہلیز پر کھڑے ہیں اور کوئی دن کی بات ہے کہ آپ اپنی آنے والی مصروفیات میں گُم ہو کر رہ جائیں گے۔ لیکن یاد رکھیئے کہ اب آپ کی عملی زندگی کے ساتھ آپ کی علمی زندگی کا بھی آغاز ہوگا۔

کالج کے سنہری ایّام محض تیاری کے ایّام تھے۔ یہاں آپ نے تحصیلِ علم کا فقط ذوق حاصل کیا ہے۔ حقیقی تحصیل کا زمانہ اب آرہا ہے۔ مبارک ہیں وہ لوگ جو اس تحصیل کو اپنی زندگی کے ساتھ ساتھ تکمیل تک پہنچاتے ہیں اور پھر بھی اسے نامکمل سمجھتے ہیں۔ علم کی اس منزل کو قرآنِ کریم نے حکمت کے نام سے سرفراز کیا ہے۔ یاد کیجئے کہ اللہ تعالیٰ نے علم و حکمت کو ہمیشہ دو علیحدہ علیحدہ حیثیتیں عطا کی ہیں یعلّمھم الکتاب والحکمۃ۔ پس طالب علم، علم کو حکمت کی منزل تک نہیں پہنچاتا وہ ایک ایسا مسافرِ شب ہے کہ منزل کو افق پر دیکھتے ہی سو جاتا ہے۔ چنانچہ میں آپ سے التجا کرتا ہوں کہ اس مشعلِ نور کو جو آپ نے کالج کے شبستانوں میں جلائی تھی زندگی کے ایوانوں میں بھی برابر روشن رکھیں اور اسی کے نور میں وہ راستہ تلاش

کرتے چلے جائیں جسے ہماری کتاب مقدس نے اللہ کی سبیل کہا ہے! اور از بس کہ اللہ ہی خیر تمام ہے اور وہی تمام قوتوں کا سرچشمہ، تمام نصرتوں کا منبع اور تمام ہدایتوں کا مرکز ہے۔ اسی لئے ہمارا ایمان ہے کہ جو شخص اللہ کے راستوں پر چلے گا یعنی کائنات کی عقدہ کشائیوں میں اُسی کے نورِ ہدایت سے مدد لے گا، اپنے چاروں طرف خیر و برکت پھیلانے کو اپنا منصبِ انسانی سمجھے گا، دنیا کے زر و مال سے متمتع ضرور ہو گا لیکن اپنے مقامِ بلند کے پیشِ نظر اسے اپنے جُوتوں کی خاک ہی سمجھے گا آنکھوں کا سُرمہ نہیں بنائے گا اور اللہ کی دی ہوئی نعمتوں میں اپنے کم نصیب بھائیوں کو شامل کرنا اپنا سب سے بڑا فرض سمجھے گا۔ اسے اولئك هم المفلحون کی صف میں یقیناً جگہ ملے گی اور وہ دنیا کی کسی حقیقی مسرت اور عقبےٰ کی بے حساب دولت سے ہرگز ہرگز محروم نہیں رکھا جائے گا۔

پس اے نونہالانِ قوم اپنے سروں کو جُھکا کر اِس مادرِ علمی سے اجازتِ رخصت لو اور جب اس کی حدود سے نکلو تو سروں کو پھر سے بلند کر لو کہ اللہ کی سرزمین اللہ ہی کے اطاعت شعار بندوں کی میراث ہے خدا کرے تمہارے ایمان اپنے خالق پر اور اس کی بخشی ہوئی قوتوں کی بدولت خود اپنے آپ پر ہمیشہ تازہ رہیں اور جب بھی اِس نخلستانِ علم اور اس ایوانِ سکون و عافیت کا خیال تمہارے دلوں میں آئے تو ان نفوسِ قدسی پر اپنا سلام بھیجنا ہرگز نہ بھولو جنہوں نے تمہارے ذہنوں کو جلا بخشی، تمہارے کردار کو تعمیر کیا اور تمہیں ایک تیزی سے بدلتے ہوئے زمانے سے پنجہ آزمائی کے لئے تیار کیا۔ وما توفیقنا الا باللہ العلی العظیم۔ والصلوٰۃ والسلام علیٰ رسولہ الکریم ٭

○

ہے عمل میں کامیابی موت میں ہے زندگی

جا پٹ جا لہر سے دریا کی کچھ پروا نہ کر

○

امجد محمود نوشہروی
اولڈ بوائے

"خونِ جگر ہونے تک" پر ایک نظر

خونِ جگر ہونے تک فضل احمد کریم فضلی کا ناول ہے جس میں انہوں نے مشرقی پاکستان کی عوامی زندگی کی جیتی جاگتی تصویر کھینچی ہے۔ بنگال کی زندگی کے متعلق زبان کی اجنبیت اور طول طویل مسافت کے باعث ہم بہت کم جانتے ہیں۔ ہمیں بنگال کی زندگی کے نقشے ٹیگور کے افسانوں اور ناولوں میں ملتے ہیں۔ عوامی کہانیوں میں وہاں کی معاشرتی۔ تمدنی اور اخلاقی اقدار کے مرقعے ملتے ہیں۔ ان کے علاوہ متحدہ بنگال کے متعلق ایک پرانے مصنف " لال بہاری دے" نے "Peasant Life of Bengal" کے نام سے ایک ناول آج سے تیس یا چالیس برس قبل انگریزی زبان میں لکھا تھا جو پسماندہ بنگال کی دیہی زندگی کا آئینہ ہے۔ ڈاکٹر عشرت حسین نے بھی Men and River کے نام سے ایک ناول انگریزی زبان میں لکھا ہے جس میں بنگال کے سیلابوں اور طوفانوں سے وہاں کے باشندوں پر جو مصیبتیں آئے دن نازل ہوتی رہتی ہیں قاری کے سامنے آجاتی ہیں۔ اگرچہ بنگالی میں افسانوں اور ناولوں کا بہت بڑا ذخیرہ موجود ہے لیکن مغربی پاکستان کے لوگ بنگالی سے ناآشنا ہونے کے باعث اُن سے بہت کم آشنا ہیں۔ فضلی خود عرصۂ دراز تک بنگال میں حکومت کے مختلف عہدوں پر کام کرتے رہے ہیں۔ آپ نے وہاں کے عوام کی زندگی کا بچشم خود مشاہدہ کیا ہے۔ انہوں نے اپنے ناول میں مشرقی پاکستان کی زندگی کو پیش کرنے کی پوری پوری کوشش کی ہے۔ یہ تو مستقبل کا نقاد اور ادیب ہی اندازہ لگا سکے گا کہ فضلی کا یہ ناول کس حد تک جاندار ہے لیکن ایک عام قاری بھی ناول کا مطالعہ کرنے کے بعد اس نتیجے پر پہنچتا ہے کہ بنگالی عوام کی زندگی مغربی پاکستان کے ماحولِ زندگی سے کتنی مختلف ہے اور دونوں کے معیارِ زندگی، روزمرہ کے مسائل و معاملات میں کس حد تک تضاد و تناقض ہے۔ اِس ناول کے مطالعے سے یہ حقیقت پوری طرح واضح ہو جاتی ہے کہ فضلی نے بنگالی زندگی کا بہت قریب سے مطالعہ کیا ہے جس کا ثبوت یہ ہے کہ ناول کے کردار بڑے جاندار ہیں اور ناول میں جو مقامی رنگ ہے وہ صرف بنگال کی خاک سے مختص ہے۔ مصنف کا بنگال کی زندگی سے شغف اور اس کی صحیح ترجمانی کی کوشش کا ثبوت اِس سے بھی ملتا ہے کہ اُس نے دوسرے اردو مصنفین کی طرح ستھری اور صاف ادبی زبان استعمال کرنے کی کوشش نہیں کی۔ اُس کی بولی بعینہٖ اُنہی الفاظ کا مجموعہ ہے جو بنگال میں رائج ہیں۔ کرداروں کے اِسلامی ناموں کی تحریف شدہ شکلیں پورے ناول میں ہر جگہ ملتی ہیں۔

متحدہ ہندوستان میں دو صوبے پنجاب اور بنگال اپنی اندھا دھند عقیدت اور پیر پرستی کے لئے مشہور تھے اور آج بھی مشہور ہیں چنانچہ اِس ناول میں اِس معاشرتی لعنت کا بھی ہمیں خاصا رنگ جھلکتا نظر آتا ہے۔

کہانی کا آغاز دوسری جنگِ عظیم کے آغاز سے کچھ ہی دنوں پہلے ہوتا ہے اور پورا ناول جنگ کے اثرات کا آئینہ دار ہے۔ پہلے باب میں ہم ناول کے اہم کرداروں سے روشناس ہوتے ہیں جن میں سے سب سے زیادہ جاذبِ توجہ "جمعدار صاحب" ہیں جن کے گرد پوری کہانی گھومتی ہے، دوسرا کردار جو جمعدار صاحب کی شخصیت کے اُبھارنے میں پیش پیش ہے وہ پھول محمد ہے۔ اسی باب میں جمعدار کی بیوی اہلیہ جان بھی ہمارے سامنے آتی ہے ہم جمعدار کے چھوٹے بچے بھانو اور جلو دھر اور سرت ساہا سے متعارف ہوتے ہیں اور یہ سب کردار بنیادی ہیں اور انہی کے گرد پلاٹ کا سارا تانا بانا بُنا جاتا ہے۔ ان میں سے جمعدار خالص انگریزی حکومت کی پیداوار ہے جسے پہلی جنگِ عظیم نے جنم دیا اور جو لوکر شاہی استبداد اور بر خود غلط قسم کے فوجی عملے کا ایک نمونہ ہے لیکن ناول کی رفتار کے ساتھ اس کی بے مغز اور لایعنی گفتگو اور دعاوی کے ساتھ ہی ساتھ اس کے کردار کے بعض عمدہ پہلو نگاہوں کے سامنے آجاتے ہیں اور کہانی آخر میں اس کے مذہبی شغف اور دینداری کے ساتھ دم توڑ دیتی ہے۔ جلو دھر بھی اسی ماحول کی پیداوار ہے اور جنگِ عظیم کے دوران جن اسباب نے اشتراکیت کو فروغ دیا انہی نے جلو دھر کو بھی ہم سے روشناس کرایا۔ وہ عام کمیونسٹوں کی طرح بغاوت کے جذبات سے معمور عام بے چینی پھیلانے پر مستعد اور اخلاقی اقدار کا جوا سر سے اُتار پھینکنے میں پیش پیش نظر آتا ہے۔ اِسی طرح سرت ساہا کا کردار جو ابتدا میں جمعدار کے بہی خواہ کی صورت میں نمایاں ہوتا ہے۔ آگے چل کر قصبے کی تباہی اور فاقے کی بلا باشندوں پر مسلط کرنے میں سب سے آگے ہے۔ سرت ساہا ہندوستانی بنیئے اور سرمایہ دار کی علامت ہے جو اپنے مفاد کے لئے کسی چیز کی پرواہ نہیں کرتا۔ وہ ساہوکارانہ ذہنیت کا جیتا جاگتا مجسمہ ہے جو آج بھی پاک و ہند میں ہمیں ہر طرح سے چلتا پھرتا نظر آتا ہے جس کی پیشانی پہ قوم فروشی، بے ایمانی، سنگ دلی اور ظلم کے نشانات درخشاں ہیں۔ مصنف نے اس کردار کو اتنی مفصل جزئیات سے پیش کیا ہے کہ اس طبقے کی ذہنیت سے جو نفرت اور بے زاری وہ پیدا کرنا چاہتا ہے اس میں پوری طرح کامیاب رہتا ہے۔ پھول محمد جس سے ہم ابتدائی سطروں میں ملاقی ہوتے ہیں بظاہر ایک لاابالی اور لاپرواہ مسخرہ نوجوان نظر آتا ہے جس کا کام جمعدار سے موقع بے موقع ٹھٹھول ہے وہ اُن کے بگڑنے پر اپنے دلچسپ اور برموقع جملوں سے انہیں ٹھنڈا کرتا ہے لیکن آگے چل کر پھول محمد کے کردار کی بعض ایسی خصوصیات نگاہوں کے سامنے آتی ہیں۔ اور اس کی پختگیٔ کردار اور شرافتِ نفس کے وہ نمونے دکھائی دیتے ہیں کہ جن سے بنگال کے دہقانی طبقے کے نوجوانوں کی مخصوص کرداری بلندی کا ایک نقشہ کھنچ جاتا ہے اور ہمیں یہ بات ماننا پڑتی ہے کہ جاہل اور غیر تعلیم یافتہ دیہاتی جوان اخلاقی لحاظ سے پڑھے لکھے تعلیم یافتہ اور اعلیٰ طبقے کے شہری نوجوانوں سے کہیں زیادہ معصوم و عزت دار اور بلند کردار ہوتے ہیں اور ان کے اندر وہ

التباسات نہیں ہوتے جن کا آج کل کا متمدن نوجوان بالعموم شکار ہوتا ہے۔ پورے ناول میں اس کا کردار بڑا بے داغ اور جرأت مندانہ نظر آتا ہے۔ ایسے مواقع پر جہاں جمعدار صاحب کے بھی پاؤں اکھڑ جاتے ہیں اور وہ لغزش پر آمادہ نظر آتے ہیں پھول محمد کا عزم انہیں گڑھوں میں گرنے سے بچا لیتا ہے اور وہ آخر دم تک ایک جیتا جاگتا کردار بنا رہتا ہے۔

یہ ناول بھوکے بنگال کا ایک لفظی مرقع ہے جسے مصنف نے کچھ اس طرح سے پیش کیا ہے کہ دوسری جنگ کے دوران بنگال پر جو کچھ گزرا اور فن کاروں نے جو مرقعے مختلف رنگوں میں پیش کئے وہ اس مرقعے کے آگے کوئی حقیقت نہیں رکھتے۔ قحط کے زمانے میں پیر میاں، صرت سلہا اور مخلص الرحمٰن اور نگن بابو سب کے کردار اپنی ارتقائی منزلیں طے کرتے ہوئے بڑا بھیانک اور گھناؤنا منظر پیش کرتے ہیں۔ اور اسی قحط میں جمعدار کی بیوی اور ماجدہ کی شخصیتیں بھی ابھرتی ہیں اور یہ جاہل غیر تعلیم یافتہ اور دیہاتی عورتیں نسوانی دنیا کے ایسے جاذبِ توجہ کردار پیش کرتی ہیں کہ جن پہ کوئی بھی سماج فخر کر سکتا ہے۔

مجید صاحب کی حیثیت نوکر شاہی کی ہے لیکن وہ ان معدودے چند امٹ انسانوں میں سے ہیں جو اپنے مرتبے اور مقام سے غلط فائدہ اٹھانے کی کبھی کوشش نہیں کرتے۔ چنانچہ مدرسے کی بنیاد رکھتے وقت، طوفان میں گھرنے کے بعد، اور قحط کے زمانے میں انہوں نے جس دور اندیشی اور خدمتِ خلق کا مظاہرہ کیا ہے وہ اس بات پہ دال ہے کہ دنیا نیکوں سے کبھی خالی نہیں ہوتی اور ان کے کردار کی اہمیت اور بلندی خان صاحب پیر میاں کے مدِمقابل آکر اور بھی اجاگر ہو جاتی ہے۔ موخر الذکر شروع سے آخر تک ابن الوقت ہونے کا پورا ثبوت دیتا ہے اور اپنے مقصد میں کامیاب ہوتا ہے۔ سماج دشمنوں کے گروہ جو امارت اور ہوشیاری اور چالاکی سے لوگوں کو دھوکہ دیکر اور حکومت کی آنکھوں میں دھول جھونک کر معراجِ ترقی پہ پہنچ جاتے ہیں اور ضمیر فروشی اور بے حسی کو اپنا شعار بنا لیتے ہیں۔ پیر میاں اس گروہ کے واحد اور حقیقی معنی میں نمائندے ہیں۔ کوئی بھی ایسا موقع نہیں آتا کہ جہاں انہوں نے جمعدار کو جو اخلاقی حیثیت سے ان سے بہت بلند تھا اور جس کے پہلو میں ایک دھڑکتا دل اور مذہب و ملت کا جذبہ موجود تھا نیچا دکھانے کی کوشش نہ کی ہو۔

جاز ایلی صاحب سماج کے ان بگڑے نوجوانوں میں سے ہیں جن پر اعلیٰ تعلیم اور یورپ کا سفر اپنے پورے تاثرات مرتب کرتا ہے۔ برطانوی ہند میں ایسے لوگوں کی کبھی کمی نہیں رہی جو اپنے مرتبے اور تعلیم سے ناجائز فائدہ اٹھانے میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھتے ہوں۔ چنانچہ جاز ایلی صاحب بھی اسی گروہ کے نمائندے ہیں۔ اور اسی وجہ سے پیر میاں سے ان کی خوب نبھتی ہے۔ یہی لوگ بنگال کے قحط اور تباہی کے سب سے بڑے ذمے دار ہیں۔ ان کا احساسِ برتری کبھی بھی انہیں اجازت نہیں دیتا کہ وہ اپنے مقام سے نیچے اتر کر بھوک سے تڑپتے انسانوں کے دکھ درد میں شریک ہو سکیں۔ انگریزی حکومت کی سب سے بڑی لعنت یہی مغرب زدہ طبقہ ہے جس نے برصغیر ہند و پاک کو

انگریزوں کی غلامی میں ڈیڑھ سو سال تک گرفتار رکھا اور کبھی حکامِ بالا کو عوام کے جذبات سے باخبر کرنے کی کوشش نہیں کی اور عوام کی جانوں اور عزتوں سے کھیلتے رہے۔

چوں کہ خود مصنف اسی گروہ سے متعلق ہے اس لئے اس کی پردہ دری اور غمازی صداقت سے پُر ہے اور مصنف نے جس مقصد کے لئے ناول میں یہ کردار پیش کئے ہیں ان کا جواز ہماری سمجھ میں آجاتا ہے۔

جیسا کہ ابتدائی سطور میں اشارہ کیا گیا تھا ناول میں ضمنی کرداروں کی بھی کمی نہیں ہے اور ان میں سے بعض کردار ناول کی اٹھان میں بہت زیادہ نمایاں نظر آتے ہیں۔ مثلاً مولوی نور الانوار، پیر صاحب چاند شیخ، اس کی بیوی اور گیدو کی ماں وغیرہ جو افسانے کے آگے بڑھنے اور ربط قائم رکھنے میں اہم کڑیوں کا کام کرتے ہیں۔

بحیثیت مجموعی "خون جگر ہونے تک" نہ صرف یہ کہ مخلوط ہندوستانی اور پاکستانی معاشرت کا ایک پُر صداقت نمونہ ہے، بلکہ اگر اسے ایک آئی سی ایس افسر کے بے لاگ تاثرات کا مجموعہ اور جذبات کا آئینہ کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا۔ اکثر فرض شناس حاکموں کے ضمیر کی آواز حالات کی ناموافقت کے باعث دب جاتی ہے۔ یہ انہی آوازوں کا مجموعہ ہے +

○

"ہاتھی کا شکار بہت مشکل ہے کیونکہ ہاتھی سپورٹسمین بالکل نہیں ہوتا۔ ہاتھی ایک کینہ خُو اور ایک کینہ نواز جانور ہے۔ اگر کوئی ہاتھی سُن رہا ہو تو میں معافی چاہتا ہوں لیکن یہ بات سچ ہے کہ اگر ہاتھی ایسا نامعقول نہ ہوتا تو شکاریوں سے اتنی سی بات پر خفا کیوں ہوتا؟ شکاری فقط اُسے مار ڈالنا ہی چاہتے ہیں نا اور تو کچھ نہیں چاہتے۔ اور اتنی سی بات کے لئے اتنا بغض رکھنا، بدلے لینا، بیر کرنا، وہ کرنا، یہ سب باتیں ہاتھی کو انسانیت سے گرا دیتی ہیں۔ اور جانوروں کو دیکھئے، شکاریوں سے کتنی اچھی طرح پیش آتے ہیں۔ دسمبر سن ۔۔ میں کا ذکر ہے۔ ۱۵ تاریخ تھی اور یہی رات کے کوئی گیارہ بجے تھے۔ میں جنگل میں بیٹھا ایک ہاتھی کا انتظار کر رہا تھا۔ کم بخت نے بڑا پریشان کیا۔ آخر رات کے دو بجے کہیں آیا۔ اکیلا نہیں، ایک اور ہاتھی کو بھی ساتھ لے آیا۔ میں نے گولی چلائی۔ میرے تعجب کی کوئی حد نہ رہی جب میں نے دیکھا کہ وہ گولی فقط ایک ہاتھی کو لگی، دونوں ہاتھیوں کو نہیں لگی۔ ایک ہاتھی وہیں بیٹھ گیا۔ دوسرا میری طرف لپکا۔ اگلے روز مجھے پتہ چلا کہ وہ ہتھنی تھی ۔۔۔۔ یعنی مسز ہاتھی۔

(شفیق الرحمٰن) ۔۔۔۔ دلہری لے ۔۔۔۔

سلیم اختر صدیقی ایم۔اے
(اولڈ بوائے)

اقتصادی ترقی

موجودہ دنیا جس دَور سے گزر رہی ہے اُسے ہم معاشی نظریات میں اختلافات کا دَور اور مادّی رنگ میں ایکدوسرے سے سبقت لے جانے کا دَور کہہ سکتے ہیں۔ ہماری دنیا اِس وقت دو گروہوں میں منقسم ہے یعنی (۱) نظامِ اشتراکیت جس کا علمبردار روس ہے اور (۲) نظامِ سرمایہ داری جس کا علمبردار امریکہ ہے۔

لیکن میرے مضمون کا تعلق اِن دونوں میں سے کسی کے ساتھ نہیں ہے۔ بلکہ اس کے بالمقابل میں چند ایسے بنیادی مسائل کو زیرِ بحث لانا چاہتا ہوں جن کا ہماری زندگی سے قریبی تعلق ہو اور ہماری معیشت سے گہرا رابطہ ہو ــــ نفسِ مضمون کی طرف رجوع سے پہلے معاشیات کی وضاحت کو ناضروری سمجھتا ہوں۔

علمِ معاشیات کے متعلق کچھ غلط نظریات قائم کر لئے گئے ہیں۔ مثلاً چند دنوں کی بات ہے کہ مجھ سے ایک صاحب دریافت فرما رہے تھے کہ میں کس مضمون کا طالب علم ہوں؟ اور جب میں نے اُنہیں بتایا کہ میں معاشیات کا طالب علم ہوں۔ تو انہوں نے بڑی لاپرواہی سے کہہ دیا کہ یہ بھی کوئی مضمون ہے۔ بس بنیا پن ہے جس میں اخلاقی اقدار کا کچھ حصّہ نہیں۔ اور پھر یہ مسلم انسان کو دنیادار بنا دیتا ہے۔ مجھے اُن صاحب سے اِس قسم کی باتیں سُن کے ازحد کوفت ہوئی۔ کیونکہ وہ اچھے خاصے پڑھے لکھے ہوئے بھی تھے۔ مگر میرا اِس واقعہ کے لکھنے سے ہرگز یہ مطلب نہیں ہے کہ ہر پڑھا لکھا اور صاحبِ عقل و فہم اِس قسم کے خیالات رکھتا ہے لیکن پھر بھی میں ضروری خیال کرتا ہوں کہ اِس بارے میں چند وضاحتی فقرات تحریر کر دوں۔

علمِ معاشیات سے کیا مراد ہے؟ اِس بارہ میں ابتدائی ماہرینِ معاشیات میں کافی اختلاف رہا ہے۔ اِس علم کے اساتذہ میں سے ایڈم سمتھ اور مارشل کے نام قابلِ ذکر ہیں۔ ان کے بیان کے مطابق وہ چند اصول جو کہ مادی ترقی اور بہتری میں ممد و معاون ہوں اُن کے مطالعہ کا نام علمِ معاشیات ہے۔ مگر یہ تجزیاتی قسم کا مطالعہ نہ تھا۔ ناقدین کے درمیان اِس بارہ میں بڑی لے دے ہوئی۔ کیونکہ جو چیز مادی ترقی میں شامل نہ ہو وہ علمِ معاشیات کے دائرۂ بحث میں نہیں آسکتی۔ مثلاً استاد کا سکول میں بچوں کو پڑھانا مادی بہتری میں شامل نہیں ہو سکتا مگر اس کے مقابلہ پر حلوائی کا مٹھائی تیار کرنا مادی بہتری کا ایک حصّہ ہے

اِن حالات میں وہ مسائل جو واضح طور پر علمِ معاشیات کا حصّہ ہونا چاہیئے تھے وہ اِس معیار کے تحت اس کا حصّہ نہیں بن سکے۔ اِس مکتبِ خیال کا نام (MATERIAL WELFARE SCHOOL) ہے مگر بعد میں ایک پروفیسر جن کا نام لائنل رابنز ہے اور جو لندن سکول آف اکنامکس میں استاد ہیں انہوں نے علمِ معاشیات کی ایسی تعریف کر دی ہے کہ جس پر دورِ حاضر کے تمام ماہرینِ معاشیات متفق ہیں۔ اُن کے بیان کے مطابق معاشی مسئلہ اُس وقت پیدا ہوتا ہے جب ہماری ضروریات

اور خواہشات کے مقابلہ میں اُن کو پورا کرنے والے ذرائع محدود ہوں۔

یہ اِس قسم کی تعریف ہے جو ہر طرح سے قابلِ قبول ہے۔ مثلاً سکول کے استاد کا مسئلہ اُس وقت معاشیات کا ایک مسئلہ بنے گا جب طلباء کی تعداد کہیں زیادہ ہوگی اور اس کے مقابلہ میں اساتذہ کی تعداد کم ہو، یا مسئلہ اسکے برعکس ہوسکتا ہے۔ بہرحال یہ ایک نظریاتی مطالعہ ہے۔

موجودہ دَور میں معاشی ترقی و بہبود کا مسئلہ بہت اہمیت اختیار کر گیا ہے۔ اب تمام پسماندہ ممالک اِس کوشش میں مصروف ہیں کہ وہ جلد سے جلد شاہراہِ ترقی پر گامزن ہوں اور اپنے معیارِ زندگی کو جلد از جلد بلند کریں مگر معیارِ زندگی کو بلند کرنے کا مسئلہ تو اُس وقت ہمیں درپیش ہوگا جب ہم اپنی اہم ضروریات کو پورا کرنے میں کامیاب ہوجائیں گے۔ ایشیا اور افریقہ کے اکثر ممالک اِس وقت غربت و افلاس، بھوک اور تنگدستی میں مبتلا ہیں اور ہمارے وطنِ عزیز پاکستان کی حالت ایشیا کے ممالک میں سب سے زیادہ قابلِ رحم اور قابلِ توجہ ہے۔ پچھلے دنوں ایک اخبار میں مشرقِ بعید کی معاشی حالت کے متعلق چند اعداد و شمار شائع ہوئے تھے جن سے پاکستان کی معاشی حالت کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔ یہ اعداد و شمار کولمبو پلان کے تحت اکٹھے کئے گئے تھے۔ جن ممالک کے اعداد و شمار جمع کئے گئے ہیں اُن کے نام درج ذیل ہیں:۔

برما۔ کمبوڈیا۔ سیلون۔ بھارت۔ انڈونیشیا۔ لاؤس۔ ملایا۔ نیپال۔ شمالی بورنیو۔ پاکستان۔ فلپائن۔ ساراوک سنگاپور۔ تھائی لینڈ اور ویٹ نام۔ یہ ممالک دنیا کی ایک چوتھائی آبادی پر مشتمل ہیں اور دنیا کا ۱/۴ حصۂ زمین ان کے قبضے میں ہے۔

آمدنی فی کس فی سال:۔

(۱) پاکستان - ۱۹ پونڈ - تقریباً ۲۵۳ روپے -

(۲) سنگاپور - ۱۴۰ "

(۳) ملایا - ۹۶ "

(۴) ساراوک - ۷۱ "

(۵) فلپائن - ۶۹ " (پاکستان ٹائمز - ۲ر جولائی سنہ ۶۱ء)

اس کے مقابلہ میں آبادی اور پیدائش کی رفتار کے لحاظ سے ہمارا ملک ان پسماندہ ممالک سے نسبتاً سبقت لئے جارہا ہے۔ اِن حالات میں اگر اندازہ لگایا جائے تو معلوم ہوگا کہ ہمارا ملک کس قدر پسماندہ ہے۔

اِس سلسلہ میں ایک اور بات یاد رکھنے کے قابل ہے اور وہ یہ کہ کوئی صاحب یہ خیال کرسکتے ہیں کہ مادی طور پر ترقی کرنا ہمارے مذہبی جذبہ کے خلاف ہے۔ یہ امر قطعاً غلط ہے۔ خدا تعالیٰ نے ہمیں خود دعا سکھائی ہے کہ ہم اُس سے دنیا میں بھلائی اور آخرت میں بھلائی، دونوں کے طلبگار ہوں۔ مگر جو کام ہم اِس مادی دنیا میں کریں اُس کے پس منظر میں محض خدا تعالیٰ کی خوشنودی اور رضا کی طلب ہو۔ دین کو دنیا پر مقدم کرنے کا اصل مقصد بھی یہی ہے کہ کام خواہ دین کا ہو یا دنیا کا ہمارا اصل مقصود خدا تعالےٰ

کی ذات ہی ہو۔ مگر اِس کا مطلب ہرگز یہ نہیں کہ ہم ہاتھ پاؤں توڑ کے بیٹھ جائیں۔ بلکہ اِس کا مطلب یہ ہے کہ ہم خدا تعالیٰ کی محبت کو دنیاوی محبت پر ہر حالت میں غالب رکھیں۔ اور جب تک ہم اپنے مادی اور معاشی وسائل کو مضبوط تر نہ بنائیں گے ہم کس طرح خدا تعالیٰ کے پیغام کو دنیا تک پہنچا سکیں گے؟ ویسے اگر خدا تعالیٰ چاہے تو آئندہ طلوع ہونے والا دن ایک انقلابی دن ثابت ہو سکتا ہے اور سب دنیا مسلمان ہو سکتی ہے۔ ہم تو صرف کوشش کر سکتے ہیں برکت خدا تعالیٰ کے اختیار میں ہے۔ اور کوشش ہم اُسی صورت میں کر سکتے ہیں جب ہم مالی طور پر مضبوط اور توانا ہوں۔ اِس لئے اقتصادی ترقی کے لئے کوشاں ہونا قطعاً مذہبی رُوح کے منافی نہیں۔

اقتصادی ترقی کے ضمن میں یہ بات یاد رکھنے کے قابل ہے کہ **اقتصادی ترقی انسانی کوششوں کا نتیجہ** ہوتی ہے۔ اگر ہم ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھے رہیں تو ہمیں کچھ بھی حاصل نہ ہوگا۔ یہ بالکل عام فہم سی بات ہے کہ جب تک ہم کسی چیز کے لئے کوشش نہیں کریں گے اُس چیز کا خود بخود عمل میں یا وجود میں آنا ناممکنات میں سے ہے۔ البتہ معجزات سے ایسا ہو سکتا ہے۔ لیکن یہ خارق عادت واقعات روز روز اور ہر شخص کے لئے وقوع پذیر نہیں ہوتے۔ عام حالات میں یہ بات ممکن نہیں کہ ہم سارا دن آرام سے سوئے رہیں اور کھانے کے اوقات میں ہمارے لئے بہترین قسم کا مرغن کھانا آجائے چائے کے وقت خود بخود چائے آجائے اور جس وقت سیر کے لئے طبیعت چاہے تو باہر خود بخود ایک بہترین کار کھڑی ہو۔ اور یہ سب کچھ بغیر کسی کوشش اور محنت کے میسر آجائے۔ یہ احمقوں والا خواب ہوگا۔ ہمارا ماحول ہمیں مقابلہ کی دعوت دیتا ہے۔ اور جو شخص یہ چیلنج قبول کرتا ہے گویا وہ اِس بات کے لئے تیار ہے کہ تجربات کرے، ترقی کے مواقع تلاش کرے۔ اور جب ایک شخص یا ایک قوم اجتماعی طور پر مقابلہ کے لئے تیار ہو جائے گی تو پھر اُس کے لئے ترقی کے مواقع بہم ہوتے چلے جائیں گے اور وہ قوم اقتصادی طور پر ترقی کر سکے گی۔ مگر اس کے لئے ایک جذبہ کی ضرورت ہے۔ لیکن جب ہم اپنے ماحول کا بنظرِ غائر مطالعہ کرتے ہیں تو ہم دیکھتے ہیں کہ سوسائٹی میں مختلف گروہ ہیں جن کے نظریات مختلف ہیں، جن کی اقدار متضاد ہیں۔ اِن نظریاتی اور قدرتی اختلافات کی کئی نفسیاتی وجوہات ہو سکتی ہیں۔ مثلاً سوسائٹی میں ایک ایسا گروہ موجود ہے جس کے نزدیک مادی ترقی کے حصول کے لئے کوشش کرنا ایک گناہ ہے۔ اس کے خیال میں دنیا فانی ہے اس لئے دُنیا کے لئے کوئی کام کرنا عبث ہے اور بہتر یہ ہے کہ ساری عمر عبادت میں گزار دی جائے۔ اِسکے بالمقابل ایک ایسا گروہ بھی موجود ہے جس کے عقیدہ کے مطابق مادی خواہشات کو ختم کرنا روحانی ترقی کا باعث ہے۔ مثلاً کچھ لوگ متواتر روزہ رکھتے ہیں اور صرف اتنا ہی کھاتے ہیں کہ جس سے سانس کی ڈوری بندھی رہے اور اپنے آپ کو ہر آرام و آسائش سے دُور رکھتے ہیں۔ کیونکہ اُن کے خیال کے مطابق اِس قسم کے اعمال سے انسان پرمیشر کے قریب تر ہو جاتا ہے۔ اِس قسم کا خیال ہندوؤں میں موجود ہے۔ اور پھر وہ سادھو بھی خاص توجہ کے قابل ہیں جو اپنے سر میں راکھ ڈال لیتے ہیں اور عمر کا کثیر حصہ دریاؤں کے کنارے کھڑے یا بیٹھے گزار دیتے ہیں۔

اس کے مقابل پر عیسائیت میں رہبانیت کا طریق ہے۔ یہ لوگ گرجا گھروں میں جو کچھ کرتے ہیں وہ بھی اظہر من الشمس ہے۔ پھر بدھ مت کے ماننے والوں میں ایک کثیر جماعت لاماؤں کی ہے جو ساری عمر بھیک مانگ کے گزارہ کرتے ہیں اور اس طریق سے نفس کشی کرتے ہیں۔ اس قسم کے مذہبی عقائد یقیناً نقصان دہ ہیں۔ تبت کا سارا ملک لاماؤں سے بھرا ہوا ہے۔

بہرحال اس فلسفہ نے انسان کو کافی نقصان پہنچایا ہے۔ معیارِ زندگی کو رزقِ حلال کے حصول میں کسی مذہبی عقیدہ کی مداخلت نہیں ہونا چاہیئے۔ مذہب اسلام نے اس بارہ میں بہت اعلیٰ اور قابلِ عمل تعلیم دی ہے ـــ اسلام رہبانیت کی ہرگز اجازت نہیں دیتا۔ بلکہ اسلامی تعلیم کا مقصد یہ ہے کہ انسان دنیا میں زندگی بسر کرے لیکن اپنے خالق و مالک کے آستانہ پر جھکا رہے۔ وہ دنیا کے کام بھی کرے لیکن دست با کار اور دل بایار کی عملی تصویر ہو۔ لہذا غیر اسلامی فلسفے اقتصادی ترقی میں روک رہے ہیں۔

دوسری بات جو اس سلسلہ میں قابلِ توجہ ہے اور جس کا اقتصادی ترقی سے گہرا تعلق ہے یہ ہے کہ دولت کے حصول اور دولت کے صرف میں بہت فرق ہے۔ ایک شخص کو فن سے قطعاً دلچسپی نہیں ہے مگر چونکہ اس کے پاس دولت ہے اور وہ معاشرہ میں اپنا وقار قائم کرنا چاہتا ہے اس لئے وہ اپنے مکان میں ایک آرٹ گیلری قائم کر لیتا ہے۔ اس قسم کی خود نمائی اور خود فریبی کسی صورت میں بھی اس شخص کے لئے فائدہ مند نہیں۔ کیونکہ اس کا مقصد یہ نہیں کہ وہ آرٹ کا قدردان بن جائے بلکہ وہ یہ اہتمام اس لئے کرتا ہے کہ معاشرہ میں اسے فن کا پرستار سمجھا جائے۔ ایسی حرکات صرف اُن لوگوں سے سرزد ہوتی ہیں جن کے ہاتھ میں یک لخت دولت جمع ہو جاتی ہے۔ یہ لوگ دولت کے ذریعہ ادنیٰ درجہ سے اعلیٰ درجہ میں داخل ہونا چاہتے ہیں تاکہ اُن کی برتری اونچے یا حکمران طبقہ میں تسلیم کر لی جائے۔ انگریز کی حکومت نے اس قسم کے اثرات چھوڑے ہیں۔ مقامی لوگوں نے کوشش کی کہ وہ بھی حکمران طبقہ میں اپنا مقام پیدا کر سکیں۔ اسی لئے اچھے اچھے شریف گھرانوں کی عورتوں نے پردہ ترک کر دیا، سر کے بال کٹوا دیئے اور سگریٹ پینا شروع کر دیا۔ سامانِ تعیش پر بے دریغ روپیہ خرچ کرنا شروع کر دیا۔ حالانکہ اس دولت کو اقتصادی ترقی کے منصوبوں پر خرچ کیا جا سکتا تھا۔ یہی وجہ ہے کہ بہت جلد دو طبقے پیدا ہو گئے۔ یعنی امیر بہت امیر ہوتے چلے گئے۔ کیونکہ انہوں نے اپنی روایات کو قربان کر کے جھوٹی روایات کو تلاش کیا اور اس طرح حکمران ٹولی کے منظورِ نظر ہو گئے۔ اس کے مقابل پر دوسرا طبقہ بہت پیچھے رہ گیا۔

دولت اقتدار کا ذریعہ بھی ہے، چاہے اسے رشوت سے حاصل کیا جائے یا سیاسی اقتدار سے۔ مگر یہ بھی ضروری نہیں کہ دولت لازمی طور پر اقتدار کا ذریعہ بن جائے۔ ہر سوسائٹی میں نظریات مختلف ہوتے ہیں۔ مثلاً ہندوؤں میں جو قدر غریب برہمن کی ہو گی وہ کسی امیر ترین شودر کی ہرگز نہ ہو سکے گی۔ اور یہ امر بالکل واضح ہے کہ ان حالات میں بھی اقتصادی ترقی نہیں ہو سکتی۔ مثلاً اگر ایک سوسائٹی میں سپاہی کی قدر ہے تو لوگ کوشش کریں گے کہ وہ بھی فوج میں بھرتی ہوں۔ مگر وہ سوسائٹی جس میں ایسے شخص کی قدر کی جاتی ہے جو تنظیمی قابلیت رکھتا ہو تو وہ اسی طرف کوشاں ہوں گے

مگر مجموعی طور پر دیکھا گیا ہے کہ دولت حصولِ اقتدار کا باعث ہے۔ اگر ایک آدمی کے پاس روپیہ ہے تو اس کی سوسائٹی میں قدر ہے۔ لوگ اسے عزت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ ایسی سوسائٹی میں یقیناً معیارِ زندگی بلند کرنے کی خواہش پیدا ہوگی اور جس وقت معیارِ زندگی بلند کرنے کی خواہش پیدا ہوگی یقیناً وہ اس کے حصول کے لئے کوشاں بھی ہوگا۔ جب یہ انفرادی کوششیں اجتماعی کوششوں میں تبدیل ہو جائیں گی تو اقتصادی ترقی کے لئے راستہ بھی کھل جائے گا۔ موجودہ معاشرہ میں دولت، عزت اور طاقت کا آپس میں بہت مضبوط رشتہ ہے۔

اب تک جو بحث ہوئی ہے اُس کا خلاصہ یہ ہے کہ ایسا فلسفہ جو کہ دنیاوی چیزوں سے نفرت سکھائے وہ اقتصادی ترقی میں روک پیدا کرتا ہے اور اسلام نے قطعاً اِس قسم کا کوئی فلسفہ پیش نہیں کیا۔ اِسی غلط فہمی کی بنا پر روس نے مذہب کو ایک افیون قرار دیا ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ روٹی کا مسئلہ نہایت اہم مسئلہ ہے اور جب تک اِس مسئلہ کو حل نہ کیا جائے گا اُس وقت تک عوام مذہب میں کما حقہٗ دلچسپی نہیں لیں گے۔

جب تک ہم اپنی بنیادی ضروریات کو پورا کرنے میں کامیاب نہیں ہوں گے ہمارے استحکام اور ہماری توانائی کا خیال محض خیال ہی رہے گا ——— اور ہم دوسرے اہم ترین امور کی طرف توجہ نہیں کر سکیں گے! اقبال نے شوخی کے انداز میں یہ بات یوں بیان کی ہے کہ ؎

مریدے فاقہ مست گفت با شیخ
کہ یزداں را ز حالے ما خبر نیست
بما نزدیک تر از شہ رگِ ماست
ولیکن از شکم نزدیک تر نیست

● ۔ "کوئی عمدہ چیز حاصل کر لینا خوبی نہیں ہے، خوبی تو اسے عمدہ طریقے سے استعمال کرنے میں ہے۔" (جانسن)

○

● ۔ "اگر مجھ سے خدا کا تصور چھین لیا جائے تو میں پاگل ہو جاؤں۔" (ولسن)

(بشکریہ عبدالرحیم انجم)

نسیم اختر صدیقی
(گیارھویں کلاس)

غالبؔ — جدید اُردو نثر کا نقیب

غالبؔ کو اُردو ادب میں کئی لحاظ سے اہمیت حاصل ہے اور اس کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ اُس نے نہ صرف شاعری میں بلکہ نثر میں بھی مروجہ رسوم کو توڑ کر حقیقت نگاری کی طرف قدم بڑھایا۔ غالبؔ کا قادر الکلام شاعر ہونے کے علاوہ موجودہ اُردو نثر کا بانی ہونا بجائے خود ایک عجیب حقیقت ہے۔

ایک صدی قبل کی اور آج کی اُردو نثر میں زمین و آسمان کا فرق ہے۔ اُس وقت کی اُردو نثر تصنعات اور تکلفات سے بھرپور ہوا کرتی تھی۔ فصاحت و بلاغت سے مرصع نثر بہت پسند کی جاتی تھی۔ بے شک یہ نثر عوام الناس کی سمجھ سے کہیں بالا ہوا کرتی تھی۔ لیکن اِس کے باوجود وہ اِس لاش کو بہت پسند کرتے تھے۔ اُردو نثر اور نظم میں فرق کرنا مشکل تھا۔ گو ایسی نثر کو ادبی لحاظ سے ایک گراں قدر شے سمجھا جاتا تھا، مگر اس کا فائدہ کچھ نہ تھا۔ کیونکہ یہ عوام کے خیالات کے اظہار کا وسیلہ نہ بن سکی۔ اور عوام کے خیالات کی ترجمانی کے قابل نہ ہونا زبان کی سب سے بڑی خامی اور کمزوری ہے

رفتہ رفتہ اُردو کا میدان وسیع تر ہوتا گیا۔ تکلفات کے بادل چھٹے تو غالبؔ کی نثر کا مہرِ عالمتاب طلوع ہوا۔ غالبؔ میر مہدی مجروحؔ کو خط لکھتے ہوئے لکھتے ہیں :-

"جب تک یوں نہ لکھو خط ہی نہیں، چاہ بے آب ہے، ابر بے باراں ہے، نخل بے میوہ ہے، خانہ بے چراغ ہے، چراغ بے نور ہے۔ اگر تمہاری خوشنودی اِسی پر منحصر ہے تو بھائی ساڑھے تین سطریں ویسی مَیں نے بھی لکھ دی ہیں۔"

غالبؔ نے ایسے حالات میں اپنے لئے ایک نئی راہ ڈھونڈی۔ غالبؔ نے اُردو نثر کو سادہ، سلیس اور جامع الفاظ کا وہ جامہ پہنایا جس نے اُردو نثر کو آسان تر بنا دیا۔ اگرچہ غالبؔ نے اُردو نثر کی کوئی مستقل کتاب تصنیف نہیں کی۔ لیکن اس کے باوجود غالبؔ کو ان کے خطوط کی وجہ سے ہی اُردو نثر نگاری کا بانی تسلیم کیا جاتا ہے کیونکہ غالبؔ کے خطوط میں سادگی، شیرینی اور حلاوت ہے۔ آفاق حسین صدیقی لکھتے ہیں :-

"اُردو نثر کی ارتقا میں غالبؔ کا بڑا حصہ ہے۔ اگر مرزا نے آج سے سو سال پہلے سادہ اور بے تکلف اندازِ تحریر اختیار نہ کیا ہوتا تو شاید اِس وقت ہماری زبان میں اسی طرح کی عبارت آرائی کی جاتی اور ہم اسی طرح قوافی کی تلاش میں سرگرداں نظر آتے۔ غالبؔ نے اپنے ملکۂ انشا پردازی سے سادہ زبان میں

بے تکلفی، شیرینی، لطافت اور ظرافت کا رس بھر کر اپنے اندازِ تحریر کو بے حد دلکش، سہل اور ممتنع بنا دیا ہے۔ اور اپنی تخصیت کی بوقلمونی، طبیعت کی شگفتگی اور زورِ قلم کو کام میں لا کر اپنے اندازِ بیان کو وہ تابندگی اور زبان کو وہ تازگی بخشی جس کے سامنے بڑے بڑے انشاء پردازوں کی نگارشات ماند پڑ گئیں۔ ہر چند مرزا کے بعد بھی بڑے نثار پیدا ہوئے۔ اور اُردو زبان کہیں سے کہیں پہنچ گئی۔ لیکن کوئی غالب تک نہ پہنچ سکا۔" (نادراتِ غالب صہ ۹۵)

غالب نے جب یہ طرز اختیار کی تو اس کو ناپسندیدگی کی نظروں سے دیکھا گیا اور بہت سے اعتراضات کئے گئے لیکن غالب نے

نہ ستائش کی تمنا نہ صلہ کی پروا

کا اصول قائم رکھا۔ ان خطوط کی بڑی خصوصیت یہ ہے کہ مشکل الفاظ کے بے موقع اور بے جا استعمال سے اجتناب کیا ہے بلکہ الفاظ کو ایسے انداز میں استعمال کیا ہے کہ اگر ایک لفظ بھی غالب کی نثر میں سے نکال دیا جائے تو مضمون خبط ہو کے رہ جاتا ہے۔ ڈاکٹر اعجاز حسین کا قول ہے کہ:-

"غالب نے اپنے خطوط کے اندر جدت پیدا کی۔ تکلفات کو یک قلم ترک کر کے رکھ دیا اور سادہ الفاظ کو ایسے انداز میں استعمال کیا جو مقصد پر دلالت کرتے تھے۔ غالب کی اس جدت پسندی پر نہ صرف عوام نے بلکہ اُدبا نے بھی اعتراضات کئے۔ مثلاً سرور نے غالب کی اس نثر کو دلی کا روڑا بتایا اور اس کے جواب میں عبارت کا نہایت پُر تکلف انداز اختیار کیا اور اس میں قافیہ پیمائی اور عبارت آرائی تو خوب ہے۔" (اردو کی ادبی تاریخ کا خاکہ صہ ۵۲)

"ان سے پہلے پڑھے لکھے لوگ بالعموم فارسی میں خط و کتابت کیا کرتے تھے اور اُردو میں بھی لکھتے تو فارسی آمیز مقفیٰ اور پُر تکلف عبارت لکھتے تھے۔ خط کا بڑا حصہ رسمی القاب و آداب میں صرف ہو جاتا تھا۔ مرزا غالب نے ۱۸۴۷ء کے قریب اُردو میں خط لکھنا شروع کئے۔ انہوں نے القاب و آداب کا پرانا اور فرسودہ طریقہ ترک کر دیا۔ عام طور پر اس طرح خط لکھتے جیسے دو آدمی آمنے سامنے بیٹھے گفتگو کر رہے ہیں۔ نیز یہ عبارت نہایت بے تکلف اور برجستہ ہے۔ اس میں جا بجا ظرافت کی چاشنی ہے۔" (اردو کی ادبی تاریخ کا خاکہ صہ ۵۶)

"اس کے علاوہ ان خطوط میں بہت سی علمی اور ادبی باتیں تھیں۔ غالب نے اپنے بعض مشکل الفاظ کی تشریح کی ہے۔ بعض لغات اور تراکیب کے معنے سمجھائے ہیں۔" .....

"پھر ان کا اسلوب بیان نہایت صاف اور سادہ ہے۔ آگے چل کر اُردو نثر کے لئے جو سادہ اور سلیس انداز اختیار کیا گیا اس کا پہلا نمونہ غالب کے خطوط میں ملتا ہے اور اسی بنا پر غالب کو جدید اُردو نثر کا نقیب کہتے ہیں۔" (اردو کی ادبی تاریخ کا خاکہ صہ ۵۶)

ہدایت اللہ ہادی
(بارھویں کلاس)

خواجہ حیدر علی آتش

اٹھارھویں صدی کے لکھنو کا ایک صاحبِ طرز شاعر —— جب اس دور کے استاذ الاساتذہ شیخ امام بخش ناسخ سے فنِ شعر کی بساط پر معرکہ آرا ہوا تو اردو شاعری کو ایک عظیم فتح حاصل ہوئی —— اردو تاریخ کی زبان ناسخ کے اس حریف کو خواجہ حیدر علی آتش کے نام سے پکارتی ہے!

اس عظیم شاعر کا نام خواجہ حیدر علی تھا اور تخلص آتش تھا —— ان کے والد بزرگوار خواجہ علی بخش، نواب شجاع الدولہ کے عہد میں فیض آباد منتقل ہو گئے۔ آپ دہلی کے ایک معزز خاندان سے نسبی تعلق رکھتے تھے اور اپنے زمانۂ حیات میں بڑی قدر و عزت کی نگاہ سے دیکھے جاتے تھے۔ قدرت نے انہیں ایک نامور بیٹے کی نعمت سے نوازا۔ فیض آباد میں خواجہ حیدر علی آتش کی پیدائش ہوئی۔ مورخینِ اردو ادب نے خواجہ کا زمانہ پیدائش ۱۷۷۸ء قرار دیا ہے۔

گردشِ شام و سحر نے اس بچے کو ایک عظیم صدمہ کی گود میں ڈال دیا۔ ابھی یہ بچپن کی حدود میں ہی تھا کہ باپ کا سایہ سر سے اٹھ گیا اور یتیمی کا تلخ بوجھ اس کے نازک اور کمزور کندھوں پر آ گرا۔ جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ خواجہ حیدر علی آتش معقول تعلیم حاصل نہ کر سکے۔ انہیں زندگی بھر اپنی اس تعلیمی محرومی کا شدید احساس رہا۔ اس علمی کمزوری کے باوجود ان کے ذہن و قلم نے اردو شاعری کے خزانہ میں جو قابلِ قدر اضافہ کیا ہے وہ ان کے نام کی بلندی کے لئے کافی ہے۔

یتیمی کے اندوہناک سایوں میں گھرے رہنے کے باوجود ان کی طبعی شگفتگی کو غمِ زندگی کی خزاں دھیما نہ کر سکی۔ وہ ہمیشہ دنیائے اشک و آہ کے جلو میں بھی مسکراتے رہے۔ جوان ہوئے تو مزاج میں ایسی ترنگ پیدا ہوئی کہ مایوسیوں اور اداسیوں کے بھیانک اندھیرے بہت دور بھاگ گئے۔ شوریدہ سری نے جذبات و خیالات میں ایک بے بہا بانکپن پیدا کر دیا۔ اور یہ تمام جوہر جب شاعری کی بساط پر جلوہ گر ہوئے تو طبیعت کا رنگ ہی کچھ اور تھا۔ چنانچہ خود ایک مقام پر فرماتے ہیں ؎

سن تو سہی جہاں میں ہے تیرا فسانہ کیا ٭ کہتی ہے تجھ کو خلقِ خدا غائبانہ کیا

"کہتی ہے تجھ کو" —— کے ٹکڑے میں جو لطیف احساس جھلک رہا ہے اسے ایک حساس دل ہی سمجھ سکتا ہے۔ اور بخوبی لذت گیر ہو سکتا ہے۔

بڑھاپے کا دور آیا لیکن جوانی کی ترنگ، جذبات کا مد و جزر، گفتگو کا بانکپن بدستور قائم رہا اور آخر دم تک اپنی

سپاہیانہ وضع کو نہایت ہی عمدہ انداز سے نباہا۔

شاعری کا آغاز ہوا اور طبعی صفات و ازلی جواہر نے ان کی فکری قوتوں کی مکمل حمایت کی۔ ان دنوں جرأت، انشاء اور مصحفی کے معرکے اپنے شباب پر تھے۔ ایک دوسرے پر بڑی شدت سے لے دے ہو رہی تھی۔ اِس ماحول نے شعر و سخن کے خفتہ و محفوظ جذبات کو بیدار کر دیا اور آپ بھی اِس میدان میں کُود پڑے۔ ذہنی طور پر مصحفی کی شاعری سے بے حد لگاؤ رکھتے تھے۔ لہٰذا انہی کے شاگرد ہوئے اور تھوڑے ہی عرصہ میں ان کی شاعرانہ صلاحیتیں اُبھر آئیں۔ بڑی شُستہ و شگفتہ غزلیں کہیں۔ ہم عصروں نے ان کی شاعرانہ عظمتوں کا اعتراف کیا اور ادب کے ناقدین نے آپ کو متفقہ طور پر ایک صاحبِ طرز استاد تسلیم کیا۔ بچپن ہی سے طبیعت میں استغناء کا جوہر موجود تھا اور اس جوہر نے اُن کی وضعداری کو آخری عمر تک بحال رکھا۔ جب تک زندہ رہے خودداری اور درویشانہ انداز کو کبھی ترک نہ کیا۔ آخر ۱۸۴۶ء میں لکھنؤ کی سرزمین میں جامِ اجل نوش کیا اور اسی مٹی میں دفن ہوئے۔

اُردو غزل کی سطح پر آتش کی اپنی الگ حیثیت اور الگ مقام ہے۔ اکثر ناقدین نے آتش و ناسخ کی غزل کا مقابلہ کرتے ہوئے آتش کو فوقیت دی ہے۔ مرزا غالب نے بھی یہی رائے پیش کی ہے کہ :-

"ناسخ کے ہاں کمر اور آتش کے ہاں بیشتر نشتر ہیں"

تاہم مرزا غالب کی رائے کو تسلیم کرنے کے باوجود اِس امر کو بھی ماننا پڑے گا کہ ناسخ اور آتش کی شاعری میں بیشتر اقدار و خصوصیات مشترک ہیں۔ اور جہاں تک قواعدِ زبان اور فنِ عروض کا تعلق ہے آتش کا درجہ ناسخ سے بہت نیچے ہے آتش نے غزل کو ایک نفیس لب و لہجہ عطا کیا ہے۔ آپ کا کلام زیادہ دلآویز اور زیادہ تاثیر کا حامل ہے۔ زبان بے حد صاف اور شستہ ہے۔ مضمون آفرینی کے علاوہ آپ رعایتِ لفظی کا بھی خاص خیال رکھتے ہیں۔ مثلاً ؎

تکلّف سے بَری ہے حُسنِ ذاتی ؛ قبائے گُل میں گُل بُوٹا کہاں ہے

آپ اپنے شعر میں جس موضوع کو باندھتے ہیں اِس بات کی خاص احتیاط کرتے ہیں کہ ان کے فکر کی شوخی، رنگینی، رعنائی، موضوع کو زیادہ سے زیادہ پُرکشش بنا دے۔ آپ کے دیوان میں اِس قسم کے بے شمار اشعار موجود ہیں جو اِس خاص حُسن کی غمازی کرتے ہیں۔ ایک شعر ملاحظہ ہو ؎

ہنسنے والا نہیں ہے رونے پر ؛ ہم کو غربت وطن سے بہتر ہے

اِس شعر میں آتش کی نزاکتِ فکر قابلِ داد ہے۔ غربت کی وادی کسی کو پسند نہیں ہے۔ اس لئے کہ اجنبیت کا خوف ہر وقت ایک غریب الوطن کو ڈستا رہتا ہے۔ لیکن آتش نے غربت کے لفظ سے بھی ایک ایسا سچا پہلو تراش لیا ہے کہ غربت کی وادی سے محبت کرنے کو جی چاہنے لگتا ہے۔ یعنی "اجنبیت" جو وجہِ ہراس تھی وہی اجنبیت اس اعتبار سے وجہِ سکون بن جاتی ہے کہ کم از کم یہاں کسی غریب الوطن کے دُکھ درد کا کوئی مذاق تو نہیں اُڑا سکتا۔ آتش کی شاعری میں لطافتِ فکر کے علاوہ ایسے اشعار

بھی عام ملتے ہیں جو ان کی طبعی ندرت پر دلالت کرتے ہیں۔ ان کے اشعار پڑھ کر یہ محسوس ہوتا ہے کہ وہ ایک خاص انفرادی انداز میں سوچتے ہیں۔ ان کا شعر محض ندرتِ فکر کی بدولت ضرب المثل بن چکا ہے۔ فرماتے ہیں ؎

بڑا شور سُنتے تھے پہلو میں دل کا ؎ جو چیرا تو اِک قطرۂ خوں نہ نکلا

آتش کی شاعری رموزِ محبت کی بھی آئینہ دار ہے اور اس میں میر درد کا سا صوفیانہ رنگ بھی موجود ہے۔ ان کے ہاں خوبصورت استعارے اور نادر تشبیہات کی بھی کوئی کمی نہیں۔ منتخب محاورات کو برمحل استعمال کرنے میں انہیں ایک خاص سلیقہ حاصل ہے۔ وہ اپنے دَور کے بہترین غزل گو اور صاحبِ طرز استاد تھے۔ بعض اشعار تو اس قدر مؤثر ہیں کہ اُن کی نظیر ڈھونڈنا مشکل ہے۔ بساطِ عالم پر یک گونہ نارسائی کے باوجود اپنا نقشِ دوام ثبت کر گئے ـــــ کیا ہوا کہ محبوب کی محفل میں باریابی نہ ہوئی ـــــ

آئے بھی لوگ بیٹھے بھی اُٹھ بھی کھڑے ہوئے
مَیں جا ہی ڈھونڈتا تری محفل میں رہ گیا

"یہ سچ ہے کہ ان کی شاعری میں تیز انعکاس اور میر کی طرح درد و اثر کی تڑپ نہیں ہے پھر بھی ان کے بعض اشعار پوری اُردو شاعری میں اپنا جواب نہیں رکھتے۔ میر و غالب کے بعد اگر کسی کا مرتبہ ہے تو وہ آتش ہیں۔ بڑی خوبی ان کے کلام کی یہ ہے کہ جذبات کو نہایت مؤثر اور دلکش الفاظ میں ادا کرتے ہیں۔ فوق البھڑک الفاظ ان کے ہاں بہت کم ہیں۔ زبان بہت مزیدار اور روزمرہ کی بول چال ہے جس میں ابتذال نہیں ہے۔ شعر بآسانی سمجھ میں آتے ہیں اور بہت لطف دیتے ہیں۔ محاورات بہت منتخب اور برمحل ہوتے ہیں۔ تلاشِ الفاظ بہت قابلِ تعریف ہے۔ خیالات میں بلندی ہے۔ اگرچہ غالب کی ایسی نہیں اور عموماً فواحش سے پاک و صاف ہیں۔"

(تاریخ ادب اُردو) "رام بابو سکسینہ"

سعید انجم
(بارھویں کلاس)

منٹو ـــــ ایک عظیم فنکار

انسان خطا کا پتلا ہے اور انسان غلط کار ہے لیکن جب کوئی شخص ہمیں ہماری غلطیوں پر آگاہ کرتا ہے تو ہم چڑ جاتے ہیں کیونکہ یہ بھی ایک غلط کاری ہے اور غلط کاری ہماری سرشت میں ہے ـــــ

منٹو غلط کار تھا کیونکہ وہ ہماری غلطیوں کو معاف نہیں کرتا تھا۔ اس کا قلم نشتر ہے جو معاشرہ کے ناسوروں کو چیرتا چلا جاتا ہے ـــــ آخر وہ زندگی کے انہی ناسوروں سے بہتے ہوئے گندے مواد میں بہہ گیا ـــــ آنچ دیتے ہوئے زخموں نے اسے بھی خاکستر کر دیا۔ یہی اس کا فن تھا کہ :۔

"منٹو نے اپنے خاک وخون سے اپنے نحیف و ناتواں جسم کی خاکستر کو آنسوؤں میں گوندھ کر بہت سے بت بنائے اور انہیں اولادِ آدم کے سامنے خالی تہہ نشینوں اور طاقچوں میں چن دیا"

("منٹو" ابو سعید)

منٹو اپنی تحریرات میں اپنے خاص ڈرامائی انداز میں جگہ جگہ معاشرے کی جعلی داڑھیاں نوچتا ہوا نظر آتا ہے۔ اور منٹو کے ہاتھوں سے نوچی ہوئی اکثر داڑھیاں ہمیں "گنجے فرشتے" میں نظر آتی ہیں۔ اس اپنے ملک کے سادہ لوح لوگوں کو جو جھوٹے پیروں اور ملنگوں کے ہتھے چڑھ کر اپنی تمام دولت کو ان کی عیاشیوں کی بھینٹ چڑھا دیتے ہیں بچانے کی خاطر لکھا ہے :۔

"جلالت مآب بزرگ، جن کی شرعی داڑھیوں، نورانی چہروں، مقدس دستاروں، بے داغ عباؤں اور دور رس نگاہوں کو دیکھ کر شیطان بہروپ بھرنا بھول جائے۔ خوش عقیدہ عوام ان کے دامِ فریب میں اس بری طرح جکڑے ہوئے ہیں کہ ہل نہیں سکتے۔ یہ دلوں کی مرادیں پوری کرتے ہیں۔ راکھ کا سونا بناتے ہیں اور ان کی خاکِ پا لاعلاج مریضوں کا علاج ہے۔ ان کے ایمپلائمنٹ ایکسچینج بے روزگاروں کو روزی دلواتے ہیں۔ ان کی دوکانوں پر حُب کے تعویذ فروخت ہوتے ہیں جن سے سنگدل محبوب رام ہوں۔ ان کے کالے علم سے دشمن زیر ہوں اور مقدمے جیتے جائیں۔ یہ بانجھ کو بچہ دیں اور کنواریوں کے آسیب اتاریں" (مٹی کے کنارے)

منٹو نے زندگی کے بہت سے تاریک پہلوؤں پر روشنی ڈالی ہے اس لئے اس نے زندگی کے بہت قریب ہو کر اس کا مطالعہ کیا ہے۔ چنانچہ خود لکھتا ہے:۔

"میں یہ کہانیاں صرف اس لئے لکھتا ہوں چونکہ مجھے کچھ لکھنا ہوتا ہے ...... میرا روئے سخن یا تو اپنی طرف ہوتا ہے یا اُن چند افراد کی طرف جو میری تحریروں میں دلچسپی لیتے ہیں۔ میں ادب سے دور اور زندگی سے قریب تر ہوں۔"

پھر منٹو نے احمد ندیم قاسمی کے نام ایک خط میں لکھا ہے:۔

"زندگی کو اس شکل میں پیش کرنا چاہیئے جیسی کہ وہ ہے، نہ کہ جیسی کہ وہ تھی یا جیسی ہوگی اور جیسی ہونی چاہیئے۔"

پھر ایک افسانے میں اس کا ایک کیریکٹر سوچتا ہے:۔

"زندگی کیا ہے؟ یہ میری سمجھ میں نہیں آتا۔ میں سوچتا ہوں یہ ایک اونی جراب ہے جس کے دھاگے کا ایک سرا ہمارے ہاتھ میں دے دیا گیا ہے اور ہم اس جراب کو ادھیڑتے رہتے ہیں۔ جب اُدھیڑتے اُدھیڑتے دھاگے کا دوسرا سرا ہمارے ہاتھ میں آجائے گا تو یہ طلسم جسے ہم زندگی کہتے ہیں ٹوٹ جائے گا۔"

پھر ایک اور مقام پر کہتا ہے:۔

"میری زندگی ایک دیوار ہے جس کا پلستر میں ناخنوں سے کھرچتا رہتا ہوں۔ کبھی چاہتا ہوں کہ اس کی تمام اینٹوں کو پراگندہ کر دوں۔ کبھی جی میں آتا ہے کہ اس ملبے کے ڈھیر پر ایک نئی عمارت کھڑی کر دوں۔"

منٹو زندگی یا روگ کے فن پارے بناتا ہے لیکن سوائے فنی سانچے کے وہ کسی سانچے کا قائل نہیں۔ اختر اورینوی لکھتے ہیں:۔

"منٹو سوکھے جنگل میں ایک ہرا بالا درخت نہیں وہ بھرے ہوئے باغ کا ایک سر برآوردہ شجر ہے۔ کہتے ہیں جہاں چندن وہاں ریشہ چندن۔ مگر منٹو ایک لہکتے چہکتے چمن زار کا گل لیتو لودا ہے جس کی طرف سب کی نگاہیں اٹھتی ہیں۔ منٹو کی یہ بہت بڑی اہمیت ہے کہ وہ اونچوں میں اونچا اور خوبصورتوں میں جاذب نظر خوبصورت ہے۔"

منٹو حقیقت پسند تھا اپنے ان مزاحیہ ڈراموں کے متعلق جو اس نے شروع شروع میں ریڈیو اسٹیشن کے لئے لکھے تھے لکھتا ہے:۔

"یہ ڈرامے روٹی کے اس مسئلے کی پیداوار ہیں جو اردو کے ہر ادیب کے سامنے اس وقت تک رہتا ہے جب تک وہ مکمل طور پر ذہنی اپاہج نہ ہو جائے۔ میں بھوکا تھا چنانچہ میں نے یہ ڈرامے لکھے۔ داد اس بات کی چاہتا ہوں کہ میرے دماغ نے میرے پیٹ میں گھس کر یہ چند مزاحیہ ڈرامے لکھے ہیں جو دوسروں کو ہنساتے رہے ہیں مگر میرے ہونٹوں پر ہلکی سی مسکراہٹ بھی پیدا نہ کر سکے۔"

پھر منٹو کو چاہے سیاست سے کچھ تعلق نہ تھا لیکن پھر بھی اس نے وقت کو پہچانتے ہوئے ایسی بات کہی جو

اُس وقت کے ہر ذی شعور انسان کے ذہن میں تھی۔ وہ لکھتا ہے :۔

"ہندوستان کو ان لیڈروں سے بچاؤ جو ملک کی فضا بگاڑ رہے ہیں۔ یہ نام نہاد لیڈر اپنی اپنی بغل میں ایک ایک صندوقچی دبائے پھرتے ہیں۔ جن میں یہ لوگوں کی جیبیں کتر کتر کر روپیہ جمع کرتے ہیں۔ ان کی ہر سانس میں آپ کو ریاکاری اور دغابازی کا تعفّن محسوس ہوگا۔ لمبے لمبے جلوس نکال کر بھاری ہاروں کے نیچے دب کر چوراہوں پہ طویل طویل تقریروں کے کھوکھلے الفاظ بکھیر کر یہ نام نہاد لیڈر اپنا راستہ بناتے ہیں جو عیش و عشرت کی طرف جاتا ہے .... یہ لوگ چندے اکٹھے کرتے ہیں لیکن کیا انہوں نے آج تک بیکاری کا حل پیش کیا ہے ؟ .... یہ لوگ جن کی رُوح لنگڑی، دماغ اپاہج، زبان مفلوج اور ہاتھ پیر شل ہیں ملک و ملّت کی راہبری کیسے کر سکتے ہیں؟.. ...... ہندوستان کو بے شمار لیڈروں کی ضرورت نہیں بلکہ صرف ایک لیڈر کی ضرورت ہے جو صحیح معنوں میں ملک و قوم کی خدمت کر سکتا ہو اور پھر کرے۔"

منٹو نے انسان کو آئینہ دکھایا جس کے نتیجہ میں لوگوں نے اُس کو بُرا بھلا کہا۔ گندے گندے خطابات دیئے اور اس کے افسانوں کو عُریاں ثابت کیا لیکن دراصل وہ زندگی کے گھناؤنے پہلو تھے جہاں سے روشنی کی لکیر تک نہ گزرتی تھی اور کسی میں اتنی ہمت نہ تھی کہ وہاں روشنی کر سکتا۔ منٹو نے ہمت کی اور اُن کو ننگا کر دیا۔ ابوسعید قریشی اپنی کتاب "منٹو" میں لکھتا ہے :۔

"منٹو قارئین کو اُن مقامات پر لے گیا جہاں لوگ چوری چھپے جایا کرتے تھے۔ اُس نے اُن کرداروں کو جن سے کوئی دن کے اُجالے میں اپنی جان پہچان کا اشارہ تک نہیں کرتا فلڈ لائٹس میں لا کھڑا کیا اور کہا ان کو دیکھو پہچانو۔ تم اِنہیں جانتے ہو ....

.... یہ انسان ہیں، یہ بھی انسانوں کی طرح دُکھ درد ذلّت عزّت سب کچھ محسوس کرتے ہیں۔ ان کے پہلو میں بھی گوشت پوست کا دل دھڑکتا ہے۔ یہ بھی محبت، نفرت اور حقارت کے احساسات سے آگاہ ہیں —— اِن کا احترام کرو اور سوچو کہ اگر یہ ذلیل ہیں تو کیوں ذلیل ہیں۔ اِنہیں گالی دیتے وقت یہ سوچ لو کہ تم گندمیں کھڑے ہو۔ اِن پر پھٹکار بھیجتے وقت ذرا اپنا مُنہ بھی آئینہ میں دیکھ لیا کرو۔"

یک چمن گُل

- پروین پروازی
- نسیم قدسی
- ہدایت اللہ ہادی
- اظہر سلیم سلیمی

اجنبی

اِک زمانہ ہُوا

ایک گمنام سی
راہ کے موڑ پہ
دو مسافر ملے!
چند لمحے رُکے
اور پھر چل دیئے
اجنبی ہو گئے

ان کے دل میں مگر
ایک بے نام سی
آرزو کی کلی
کِھل اُٹھی!
بات کچھ بھی نہ تھی
اِک فسانہ ہُوا،
اِک زمانہ ہُوا

نعیم قدسی

پشیمانی

گزرتے ہوئے وقت کے سخت لمحوں کے سینوں میں رفتار کی تیز کرنوں کے بھالے چبھوتی ہوئی
ڈولتی، جھومتی، ڈگمگاتی ہوئی
چیختی ریل کے ایک ڈبے میں بیٹھا ہوں میں

مرے ساتھ بیٹھا ہوا ہے مرا ایک دیرینہ دوست
جو اِس وقت شاید سفر کی تھکن اور اذیت کے ہاتھوں سے مجبور ہو کر
کسی ماہ رُو کی طلسمی نگاہوں کے مبہم اشاروں میں کھویا ہوا ہے

مرے سامنے کچھ ستائے ہوئے بوڑھے چہرے بھی ہیں
یہ چہرے جو گُم ہیں ——— گئے موسموں، بیتے سالوں کی اُڑتی ہوئی دُھول میں
یہ چہرے جو تحریر ہیں
یہ چہرے جو ابہام ہیں

مرے داہنے ہاتھ کو اِک کھُلی ہوئی اُونچی کھڑکی سے باہر
جواں رُت کے امرت اثر سے
جواں کھیتوں کی ان بہکتی قطاروں میں دوشیزگی کا چھلکتا خرام
مخالف سے آتے ہوئے اُونچے پیڑوں کی بوجھل قطاریں
پہاڑی چٹانوں کا بھاری تسلسل
گھنے بادلوں کے طربناک سائے

چمکتی ہوئی دھوپ، پانی، نشیب و فراز
یہ سب میرے اطراف پر سے گزرتے چلے جا رہے ہیں
(اور اب)

سیہ فام لوہے کی پٹڑی پہ چلتی ہوئی ریل کی
چیختی اور کربناک حرکت
بتدریج مدھم ہوتی جا رہی ہے
بس اِک لمحہ ——— ! اور ریل رُک جائے گی

اور اِسی لمحے میں سوچتا ہوں اگر میں
ہواؤں کی مانند اُڑتی ہوئی ریل سے کُود جاتا
تو میرے مخالف سے آتے ہوئے اونچے پیڑوں کی بوجھل قطاریں
پہاڑی چٹانوں کا بھاری تسلسل
مرے جسم کی دھجیاں لُوٹ لیتا

یا میں ان کے رُخ کو بدلتا
زمانے کے پیروں میں اپنے اِسی آہنی عزم کی بیڑیاں ڈال کر
نئی چال چلتا

تو مجھ کو یقیں ہے
مرا نام تاریخ میں لوگ سونے کے پانی سے لکھتے !

نعیم قدسی

مُورت

چاند سے شیتل پھول سے کومل
کالی آنکھوں والی
رُوح کا نغمہ، نیند کی مریم
مدھ ماتی متوالی
حُسن کی سیتا، عشق کی آذر
آوارہ، انجان
لیکن پتھر ہونٹوں والی
بے حس اور بے جان

شیخ اظہر سلیم سلیمی
(بارھویں کلاس)

حالِ دل

امید دل کو جب ایک ٹھوکر لگی
خیالوں کے عقدے الجھنے لگے

تصور کی دنیا میں ہلچل مچی
کہانی، ہر اک بات بنتی گئی
سحر ایک ابھری مرے ذہن سے
ابھرتی رہی رات بنتی گئی
شگوفے کھلے کھل کے مرجھا گئے
بہار آئی آفات بنتی گئی
اندھیرا اجالوں کو کھانے لگا
مری جیت بھی مات بنتی گئی
جسے چاہا نوچوں خیالات سے
وہ تصویر بالذات بنتی گئی

غم دل کا لاوا ابلتا رہا
ترے پیار کا دیپ جلتا رہا

ہدایت اللہ ساحری

رشتۂ دوام

سُنا ہے آمادۂ وفا ہو!
سُنا ہے تجدیدِ ساعتِ رفتہ چاہتے ہو!
مَیں کیسے ناکامیٔ تمنّا کو بھول جاؤں؟

تری ندامت کا بوجھ بھی اب اُٹھا رہا ہوں
خلش ہے دل میں
مگر مَیں خوش ہوں ——— مَیں مطمئن ہوں
کہ تیرے دل سے قریب تر ہوں!

جو دیپ روشن ہے کُنجِ تنہائی میں،
اسے بھی! مَیں نے!
جگر کے خوں سے کیا ہے روشن!
مرے سلگتے ہوئے آنسوؤں کی شبنم
مری نگاہوں سے ہے گریزاں!!
مَیں تشنۂ آرزو ہی اچھا
کہ آرزو کی بقا یہی ہے۔

دامِ خیال

● مختار احمد

● ابنِ قاضی

مختار احمد

اکیلا

یہی بات ہے داؤد سے مل کر میں بے حد مایوس ہوا۔ اُس کی گفتگو اور اُس کے لباس کو دیکھ کر اگر میں کچھ سوچ سکتا تھا، تو یہی کہ ——— "جعفری نے اس جیسے شخص کو اپنا دوست کیسے بنا لیا ہے ———؟"

ایمانداری سے کہتا ہوں آج کی دوستی تو کالج میں انعام میں ملے ہوئے کپ پر چڑھی پالش کی طرح ہوتی ہے کہ چند دن گزرنے کے بعد پالش غائب ہو جاتی ہے اور نیچے سے سیاہ رنگ کی دھات منہ چڑانے لگ جاتی ہے۔ کچھ ایسی حالت دوستی کی بھی ہوتی جاتی ہے۔ جہاں تک کوئی اُمید وابستہ رہتی ہے، غرض پوری ہونے کی توقع رہتی ہے، دوستی بھی چلتی رہتی ہے۔ بلکہ لوگ ہاتھ پہ ہاتھ مار کے کس خوبصورتی سے کہتے ہیں "وہ تو میرا لنگوٹیا ہے جی ——— "اگر کسی کے پاس کھانے کے لیئے پیسے، پہننے کے لیئے کپڑے اور گھومنے کے لیئے کار ہو تو اتنے دوست بن جاتے ہیں کہ جان عذاب میں پڑ جاتی ہے۔ میں حیران اِس بات پہ تھا کہ داؤد کے پاس ان میں سے کچھ نہ تھا۔ اس کے باوجود اس کے اتنے سارے دوست تھے۔

ہم تین چار دوست تھے جو شام کو پبلک لائبریری میں اکٹھے ہوا کرتے تھے۔ وہاں سے نکل کے کسی سستے سے ریستوران میں بیٹھ کے چائے پیتے اور اگر باہر سڑک پہ کوئی آنچل لہراتا ہوا دکھائی دیتا تو ہم مار دھاڑ سے بھرپور تصویر دیکھ کے بکھر جایا کرتے۔ جعفری لائبریرین تھا۔ اتنا فراخ دل کہ کیا مجال جو کسی ممبر کو اُس نے کبھی کوئی کتاب دی ہو لیکن ہمارے لیئے وہ چابیاں ہاتھ میں لیئے پھرتا تھا۔ شاید اس لیئے کہ اُسے چائے پلانے کو ہماری جیب میں پیسے ———

ایک شام کو جو اپنے دفتر سے نکل کے لائبریری پہنچا تو صبح سے منڈلاتے ہوئے بادل ایک دم برس پڑے، وہ بھی ایسے جھما جھم کہ پل بھر میں جل تھل ہو گیا۔ جعفری کو سلام کر کے میں دریچے کے سامنے آن کھڑا ہوا۔ مجھے تیز بارش بہت بھلی لگتی ہے۔ سوچتا ہوں، پھنسنے کی بجائے اگر کبھی سڑک پر نکل جاؤں تو کیسا رہے۔ باہر کی چیزوں کو پانی میں شرابور ہوتے دیکھ رہا تھا کہ جعفری میرے پاس آیا۔ رُک کے اُس نے ایک ہاتھ میرے کندھے پہ رکھا، پھر چھنگ پہ آئی ہوئی عینک کو اُوپر چڑھایا اور بڑے سپاٹ سے لہجے میں کہنے لگا۔

"آؤ تمہیں ایک اُلو سے ملاؤں" ——— میں نے فوراً مڑ کے دیکھا۔ جعفری بے تکلف اور بے ضرر قسم کا آدمی ہے۔ نہ کسی سے محبت، نہ کسی سے نفرت۔ زندگی سے اُسے نفرت نہیں، تو پیار بھی نہیں لیکن جب کبھی وہ گالی دینے پہ آتا ہے

تو پھر اُس کی کیفیت کچھ ایسی ہوتی ہے جیسے اُس کا بس چلے تو گالی نہ دے کچا چبا جائے ـــــــ اور بس اسی لیے نہیں چلتا کہ بیچارے کے جسم پر گوشت نام کو نہیں۔ سر کے گِنے چُنے بالوں کو ملتا ہوا وہ آگے چل دیا اور میں اُس کے پیچھے۔ کاؤنٹر کے پاس پہنچے تو اُس نے ایک طرف لے جا کر تعارف کرایا۔

"داؤد صاحب ـــــــ یہ میرے دوست عثمان ہیں اور یہ داؤد ـــــــ" داؤد اپنی جگہ سے اُٹھا، ہاتھ ملایا، نہ سرد مہری تھی نہ گرم جوشی۔ اور پھر سے کرسی میں دھنس گیا۔ اُس کا حُلیہ دیکھ کے میرے ذہن میں آیا بھی کہ جعفری سے پوچھوں "یہ کس بھنگی سے ملا رہے ہو" لیکن پوچھ نہ سکا۔ بارش اُسی شدّت سے ہو رہی تھی اور شاہ صاحب، چودھری اور شریف ابھی تک آئے نہ تھے۔ کاؤنٹر کے پاس ہی دوسری کرسی میں میں بھی دھنس گیا۔

داؤد اور جعفری بڑے اطمینان سے باتیں کرتے جا رہے تھے۔ اکثر لائبریرینوں کی عادت ہوتی ہے کہ جب کبھی کسی نے کسی کتاب کے متعلق بات کی، یہ ٹیپ ریکارڈر کی طرح بولنے لگ جاتے ہیں لیکن جعفری کا معاملہ اُلٹ تھا کسی بحث یا تفصیل سے اُسے اختلاج ہونے لگتا تھا۔ یہی وجہ تھی کہ میں نے اُسے بہت کم کسی بحث یا رائے میں حصّہ لیتے دیکھا۔ اب بھی وہ داؤد سے بات کر تو رہا تھا لیکن بے تعلق سا الگ رہا تھا۔ یوں جیسے وہ اِس بلا سے پیچھا چھڑانا چاہتا ہو۔ سچ پوچھیے تو داؤد کسی بلا سے کم تھا بھی کہاں۔ میں نے ذرا غور سے اُس کے سراپا کا جائزہ لیا۔

یہی کوئی پینتالیس پچاس برس عمر ہو گی اُس کی۔ رنگ قریب قریب سیاہ تھا۔ چہرہ خوفناک تو نہ تھا لیکن دیکھنے والے کو وحشت ضرور ہوتی تھی۔ آنکھیں اندر کو دھنسی ہوئیں، گال پچکے ہوئے اور اُوپر کے اگلے دانت یوں باہر نکلے ہوئے جیسے کوئی دیمک پھنس رہا ہو۔ سارے چہرے پر چار چھ روز کی بڑھی ہوئی شیو کے سفید بال۔ بھنویں نیم سفید البتہ مونچھوں میں کہیں کہیں سیاہ بال دکھائی دے جاتا تھا۔ سر کے بال گھنے تھے کنپٹیاں ہی سفید ہوئی تھیں باقی بال سیاہ تھے لیکن جانے کہاں کہاں کی اور کتنے دنوں کی گرد نے انہیں آپس میں جکڑ دیا تھا۔ کوئی گچھا اِس طرف ہے تو کوئی دوسری طرف لٹک رہا ہے۔ اُس نے گلابی رنگ کی سستی سی بش شرٹ پہن رکھی تھی جس کے اُوپر کے دو تین بٹن غائب تھے اور کالر چِر کے اُس کی ناک جتنے لمبے ہو رہے تھے۔ نیچے سلیپنگ سوٹ کا پاجامہ تھا جس پر مٹی اور سفید نیلی دھاریاں تھیں۔ وہ بھی ایسی کہ سفید تو اپنا رنگ بالکل ہی بدل چکی تھیں۔ ہاتھ بالکل سیاہ تھے اور ناخنوں کے اندر میل اور باہر نکوٹین کے نشان۔ پاؤں میں سلیپر تھے۔ سلیپر بھی ایسے جو بوٹ کاٹ کے بنائے گئے تھے اور بوٹ بھی جیسے کسی نمازی کے اُٹھا لئے گئے ہوں۔ پنجہ چھوڑ کے باقی حصّہ بلیڈ کے ساتھ کاٹنے کے باوجود پاؤں پھنس گئے تھے اور کناروں پر اچھا خاصا گوشت اُبھرا دکھائی دے رہا تھا۔ ٹخنوں سے ذرا ادھر زخموں کے پرانے نشان تھے جو اکثر زیادہ چلنے اور تنگ بوٹ پہننے کی وجہ سے بن جاتے ہیں۔ سچ تو مجھے اِس حُلیے سے سخت نفرت ہو رہی تھی۔ جھلّایا بھی لیکن اب اُس بدبخت جعفری سے کیا کہتا۔

جعفری صاحب۔ اِس کتاب کا عنوان غلط ہے۔ مذاہب اسلام کیا ہوا۔ مذہبِ اسلام ہو تو بات بنتی ہے ـــ یقین کیجیے

ایک مدت سے اِس کی تلاش میں تھا۔ لیکن ہاتھ آئی تو آج۔ لے جاؤں نا میں اِسے "۔۔۔۔ اُس کی گفتگو بڑی عجیب لگی۔ ظاہری حالت تو گنواروں سے بھی گئی گزری تھی اور پڑھنا چاہتا تھا مذہبی کتاب، پھر بھی مَیں نے اُس سے بات نہ کی۔ چھوڑو جی۔ بھلا یہ بھی کوئی آدمی ہے، بھلے مانس نے شیو کی ہوتی اور اچھے کپڑے پہنے ہوتے اور جعفری سے کہا ہوتا "ذرا وہ آئیڈیل میرج تو نکال دینا۔۔۔۔" تو مَیں نے اُسے گلے لگا لیا ہوتا۔ یہ اب کون بات کرنے کی زحمت گوارا کرتا۔

بارش رُک گئی تھی اور داؤد کتاب بغل میں دابے جانے کے لیئے اُٹھا ہی تھا کہ جعفری نے اُس کی آستین پکڑ لی۔ "بیٹھئے حضرت۔ چائے پی کے جائیے۔۔۔۔" میرا خون کھول گیا۔ یہ جعفری بھی عجیب آدمی ہے۔ ابھی اس سے جان پہچان نہیں اور حضرت چائے کے لیئے مدعو کر رہے ہیں۔ پھر میرے پاس تو فقط آٹھ آنے ہیں اور تین ہونے کی صورت میں تو آنے سے کم کہاں بات بنتی تھی۔ جعفری نے جلدی جلدی الماریاں بند کیں۔ کارڈ بکس میں رکھے۔ مُہریں سنبھالیں، ہمیں لیا اور لائبریری کا دروازہ بند کر کے ہم کیفے کی طرف ہو لیئے۔ لیکن مَیں اندر ہی اندر کُڑھتا جا رہا تھا۔ داؤد اتنی کھسیانی ہنسی ہنسا تھا جیسے یہ چائے نہ ملتی تو وہ مر جاتا۔ ویسے اُس کی گلابی بُش شرٹ کی دونوں جیبیں خالی تھیں۔ آگے پیچھے چُپ چاپ چلتے ہم کیفے میں آئے تو سب کے آگے داؤد تھا۔ مَیں نے جعفری کا بازو کھینچ کے زہر اُس کے کان میں اُگل ہی دیا۔

"عجب احمق ہو یار تم بھی کس گدھے کو ساتھ لے آئے ہو۔ کاش! یہاں کتوں کا داخلہ بند ہوتا"۔۔۔۔ جعفری نے جیسے اُس کی وکالت کی۔

"نہیں عثمان۔ آدمی بڑا شریف اور پڑھا لکھا ہے"۔۔۔۔ اتنی دیر میں ہم بیٹھ چکے تھے اور داؤد نے شریف کا لفظ سُن لیا تھا، خود ہی کہنے لگا۔

"کیا بات ہے جعفری صاحب کی بھی۔۔۔۔ ان جیسا بھلا آدمی کم از کم مَیں نے تو نہیں دیکھا!" اُس کی نگاہوں میں اُنس تھا، عقیدت تھی، محبت تھی اور میرے دل میں۔۔۔۔ کرو اور کرو خوشامد لیکن چائے تو مَیں پلا رہا ہوں اور خوشامد اُس کی کر رہے ہو۔ بہت تیرے کی۔ جانے کس جنگل کا جانور ہے۔ بیٹھنے کی بات تھی کہ داؤد نے اسلامی تاریخ کا ذکر چھیڑ دیا اور مَیں چُپکا چائے کی چُسکیاں لیتا رہا۔

تین چار روز بعد۔۔۔۔ (بعد اس لیئے کہ ان دنوں ہر روز بارش ہو جاتی تھی اور وہ بھی ایسے وقت جب دفتر سے چھٹی ملتی) جب لائبریری گیا تو اُس روز سبھی آئے ہوئے تھے۔ چودھری ایک انگریزی اخبار میں رپورٹر تھا اور اسے تین سو روپے ملتے تھے۔ غالباً وہی ہم سب میں زیادہ پیسے پاتا تھا۔ اور وہی ہمارے لئے سنیما کے فری پاس لایا کرتا تھا۔ جانے اُس ظالم نے کہاں کہاں یاری گانٹھ رکھی تھی۔ شاید یہی وجہ تھی کہ ہم اُس کی عزت کرتے تھے اور ہمیشہ بڑے احترام سے پیش آتے تھے۔ شریف ایک بینک میں اور شاہ صاحب پوسٹ آفس میں کلرک تھے۔ سب کو بیٹھا دیکھ کے باچھیں کھِل گئیں۔ اور نہیں تو دن بھر کی تھکن تو اُتر

جائے گی نا ــــــ سب کے سب ہنس رہے تھے، قہقہے لگا رہے تھے اور میں بھی داؤد کو جیسے بالکل ہی بھول گیا تھا۔ جیسا کہ رپورٹروں کی عادت ہوتی ہے کہ ایک بار یہ جس میں خبر دے دیتے ہیں تو پھر اُس کی تشہیر کئے بغیر اُن کا کھانا ہضم نہیں ہوتا۔ چودھری کوئی تازہ خبر سنا رہا تھا، وہ بھی کسی اغوا کی اور ہم بڑی توجہ سے سُن رہے تھے۔ خبر ختم کر کے چودھری نے میز پہ زور سے ہاتھ مارا اور بولا ــــــ

آج پتہ نہیں، میری جیب میں اتنے پیسے کہاں سے آگئے ہیں۔ چلو سب کو چائے پلاتا ہوں اور پھر ــــــ بہت اچھی فلم آئی ہے۔ صرف بالغوں کے دیکھنے کی ہے۔ پاس لے آیا ہوں، لیکن جلدی کرو نا جعفری، تم میرا مُنہ کیا دیکھ رہے ہو ــــــ" جعفری کی بوکھلاہٹ پر سب ہی ہنسی آگئی۔ وہ کارڈ سمیٹنے لگا اور ہم شریف سے ایک اور قصہ سننے لگ گئے۔ دوپہر میں کوئی عورت بینک میں روپے جمع کرانے آئی تھی اور شریف جیسے بے ہوش ہو گیا تھا کہ وہ عورت، عورت کم تھی اور کسی ٹیلر ماسٹر کا اشتہار زیادہ تھی۔ جعفری چابیاں اُٹھا چکا تھا اور ہم قہقہے پر قہقہہ لگاتے ہوئے باہر نکلنے ہی لگے تھے کہ سامنے کی ایک الماری کے عقب سے اپنے اُسی حلیے سمیت ایک کتاب بغل میں دبائے داؤد نکل آیا۔ ہم سب یوں چُپ ہو گئے جیسے داؤد کو نہیں کسی سانپ کو دیکھ لیا ہو۔ اُلجھے اُلجھے سے قدموں سے وہ ہمارے پاس آیا، سلام کیا جس کا جواب ظاہر ہے کسی نے نہ دیا۔ پھر بولا :-

"جعفری صاحب۔ یہ کتاب لے جاؤں ــــــ" جعفری کے چہرے پر سیاہی سی بکھر گئی۔

"لے جائیے، ضرور لے جائیے" اُس نے جاتے ہوئے بھی سلام کیا جس کا پھر کسی نے جواب نہ دیا۔ وہ باہر نکل گیا تو جعفری بڑبڑا اُٹھا۔

"لے جائیے۔ لے جائیے۔ آپ کے باوا کا مال ہے۔ یہ لائبریری اسی کی تو کشتی ہوتی ہے" میں نے چودھری سے پوچھا۔

"چودھری صاحب۔ یہ ہے کون ــــــ؟" چودھری کا بھی موڈ جیسے آف ہو چکا تھا۔

"چھوڑو یار کسی انسان کی بات کرو۔ اس تو بڑے کے متعلق تم کیوں اتنے پارٹی کولر (PARTICULAR) ہو رہے ہو" ہم سب چائے پینے، سینما دیکھنے جا رہے تھے لیکن ہم ہی سے کسی نے بھی اُسے ساتھ چلنے کی دعوت نہ دی۔ لائبریری سے نکل کے ہم جیسے بھول گئے کہ داؤد نام کا بھی کوئی شخص ہمیں ملا تھا۔ کسی کو کیا پڑی ہے جو مفت میں اپنی سُہانی شام ضائع کرے۔

پتہ نہیں انسان اس کا عادی کیوں ہے کہ کسی کو دیکھ کے پہلی ہی نظر میں نفرت کرنے لگتا ہے لیکن اس نفرت کے باوجود میرے دل سے کرید کا جذبہ نہ گیا اور میری حالت کچھ ایسی تھی کہ جب تک داؤد کے متعلق نہ جان لوں گا میرا کھانا ہضم نہ ہوگا۔ دو چار روز تو جعفری اور چودھری ٹالتے رہے۔ وہ بھی صرف وضع داری کے ہاتھوں اُس سے مل لیتے تھے، ورنہ نفرت تو وہ بھی کرتے تھے۔ پر ایک شام جب میں نے چودھری کا پیچھا نہ چھوڑا تو اُسے غصہ آ گیا۔ پرچ میں ڈالی چائے پھر سے پیالی میں انڈیل کے بولے۔

"یار تم سے ایک بار کہا تھا کہ کسی گرہے کی ہسٹری شیٹ سُن لو تو اچھا ہے لیکن داؤد کے متعلق کچھ نہ پوچھو۔ یہ تم نہیں مانتے ــــــ

تم ہی بتاؤ اِس بھاگ دَوڑ میں تو ہر روز ہی کتنے لوگ متعارف ہوتے ہیں۔ اب کون ہر کسی کے پیچھے بھاگتا رہے اور پھر ـــــ" اُن کا لہجہ ذرا کڑوا تھا۔

داؤد کی کہانی ذرا مختصر سی تھی۔ کہ وہ تقسیم کے وقت ہندوستان میں اپنا سب کچھ لُٹا آیا تھا۔ لُٹایا بھی کچھ اِس طرح کہ ایک ایک عزیز کو اپنے سامنے ذبح ہوتے دیکھا۔ پہلے وہ دہلی میں ایک بیٹری بنانے کے کارخانے میں کام کرتا تھا۔ والدین بے حد غریب تھے۔ چوتھی جماعت تک اُس نے پڑھا بھی تھا لیکن اب تو پیٹ بھرنے کو روٹی نہ تھی، اُسے پڑھاتا کون ـــــ لیکن پتوں میں پالو لپیٹنے کے باوجود ذہن کی تشنگی ہمیشہ برقرار رہی۔ کارخانے سے نکل کے وہاں بھی وہ ہمیشہ ہی ایسی لائبریریوں میں بھٹکتا پھرتا کہ جہاں الماریاں بھری ہوتی تھیں لیکن داؤد جیسے لڑکے کو سونگھنے کے لئے بھی نہ مل سکتی تھیں۔ پھر اُس نے ایسے دوست تلاش کر لئے تھے جو محض تفریحاً کبھی کبھی کتاب خرید لیتے تھے لیکن پڑھتے نہ تھے۔ گو کتاب ملتی تو وہاں سے بھی نہ تھی لیکن وہ کم از کم دیکھ تو لیتا تھا، چھو تو سکتا تھا۔ اور نہیں تو دو چار ورق ہی اُلٹ لیتا تھا۔ تقسیم سے پہلے ہی اُسے کارخانے سے چھٹی مل گئی۔ پھر جب وہ اپنے عزیز و اقارب اور والدین کے ساتھ روشن مستقبل کی طرف بڑھا تو یہ رشتے ایک ایک کر کے ساتھ چھوڑنے لگے جیسے وہ سب کے سب مٹی کے کھلونے ہی تو تھے۔ یہاں تک کہ جب وہ پاکستان کی سرحد میں داخل ہوا تو اُس کے ساتھ کوئی بھی نہ تھا اور وہ مُنہ اٹھائے حدِ نظر تک پھیلی زمینوں کو دیکھتے ہوئے سوچ رہا تھا کہ اب وہ اکیلا ہے، بالکل تنہا ـــــ

یہاں آ کر اُس نے نوکری کے لئے دَوڑ دھوپ کی۔ اُس کے اندر کا انسان، اندر کی ساری گرمی، سارا جوش ٹھنڈا پڑ چکا تھا۔ ایک ایسی بے حسی چھائی تھی کہ جو خون کے قطرے قطرے میں پھیل کے اُس کی ہر خواہش اور ہر آرزو کو نگل گئی تھی۔ ویسے دفتر میں نوکری کا سوال یوں پیدا نہیں ہوتا تھا کہ اُس کے پاس تعلیم تھی ہی کہاں۔ اور جو کام وہ جانتا تھا اب کرنے کو جی نہیں چاہتا تھا۔ پچھلے دس بارہ برسوں میں اُس نے ایک کوٹھڑی کرائے پر لے رکھی تھی اور وہیں رہ رہا تھا۔ جانے وہ اُس کا کرایہ کہاں سے ادا کرتا تھا۔ گرمی سردی میں اس کے جسم پر ایک سا ہی لباس دکھائی دیتا تھا۔ کھانے کو مل گیا تو کھا لیا، نہ ملا تو دس دس روز تک فاقہ کر لیتا تھا۔ یہی وجہ تھی کہ اُس کی آنکھیں اندر کو دھنسی ہوئی تھیں، اس کے گال پچکے ہوئے تھے۔ البتہ وہ لائبریریوں میں جاتا اب بھی تھا۔ اچھی کتاب کو دیکھ کے اُس کی رال اب بھی ٹپک پڑتی تھی۔ اور اگر جعفری اُن دنوں اُن کے کتاب دے دیتا تو اُسے گویا جنت مل جایا کرتی تھی۔

یہ ساری باتیں چودھری نے جیسے سرگوشی کے انداز میں مجھ سے کہیں۔ اس لئے کہ وہاں بیٹھے ہوئے اور لوگوں میں سے کسی کو بھی اِن باتوں سے دلچسپی نہ تھی۔ وہ اب تک جانے کس کس موضوع پر بات کر چکے تھے۔ دو مرتبہ چائے پی چکے تھے اور ہم سے یوں لاتعلق ہو گئے تھے جیسے ہم اس ہوٹل میں موجود ہی نہ ہوں۔ چودھری نے تازہ چائے منگوائی اور پھر سرگوشی کی۔

"لیکن یار۔ تم سُن کے حیران ہو گے کہ وہ تو اچھا خاصا شاعر ہے۔ گو آج تک اُس نے ذکر کبھی نہیں کیا نہ ہی ہمیں کبھی

اپنی کوئی غزل یا نظم سُنائی ہے لیکن ایک بار ——— ہوا یوں کہ میں ایک سٹڈیو میں ایک تقریب کور کرنے گیا کسی فلم کی رسمِ افتتاح تھی۔ سچ جانو، یہ دیکھ کے مارے حیرت کے میری آنکھیں پھٹ گئیں کہ ——— جنہیں یار پہنائے جاتے ہیں مجھے اُن میں ایک داؤد بھی تھا۔ گو اُس کا چہرہ، اُس کی غلاظت، اُس کا لباس سب کچھ وہی تھا۔ لیکن اس کے باوجود اُس فلم کے تین گیت اُسی نے لکھے تھے اور ان گیتوں کا معاوضہ اُسے صرف بیس روپے ملے تھے۔ اِدھر اُدھر کی افواہوں سے پتہ چلا کہ اُس کا دل چوٹ کھائے ہوئے ہے۔ یوں بھی یار، اِس سے بڑھ کے اور کون سی چوٹ ہوگی کہ انسان بھرے بازار میں نیلام ہو جائے۔ اِس سے بڑا غم اور دُکھ کیا ہوگا۔" چودھری کے لہجے میں ہمدردی تھی۔ لیکن میں اب تک تو شاعروں کو ایک بڑی چیز سمجھتا تھا، پر جب پتہ چلا کہ داؤد بھی شاعر ہے، تو مجھے ایک دم اس ساری قوم سے نفرت ہو گئی۔ بیکار، فضول، قوم کے عضوِ معطل ——— اُدھر شاہ جی نے آواز دی۔

"اوئے کیوں اُس کا ذکر مذکر کے اپنے آپ کو پاگل بناتے ہو ———" چودھری کے لہجے کی ہمدردی بھی دھل گئی اور ہم ایک بار پھر اُسنے کوس کے سوچنے لگے کہ کیا ایسا کوئی طریقہ نہیں ہو سکتا کہ داؤد سے جان چھوٹ جاتے۔ پھر ہم نے اپنی اپنی آفس سیکرٹری پر تبصرہ آرائی کی اور بکھر گئے۔

ایک دو دن نہیں پورے دس دن داؤد ہمیں دکھائی نہ دیا تو جیسے ہم نے سُکھ کا سانس لیا۔ ایک، دو بار اُس کا ذکر بھی کیا تھا۔ لیکن یہ ذکر سے زیادہ اظہارِ تشکر تھا۔ جعفری کے منہ سے اگر کبھی کبھار یہ جملہ نکل بھی جاتا ——— "نہیں یارو۔ تم زیادتی کرتے ہو۔ وہ آدمی اچھا تھا ———" تو ہم اُسے اِس بُری طرح چھیڑتے، اتنے طعنے دیتے، داؤد سے اس کی اتنی رشتہ داریاں قائم کرتے کہ بیچارے کی آنکھوں میں آنسو آجاتے۔ اتنے دنوں تک داؤد نہیں آیا تو ہمیں جیسے اطمینان ہو گیا۔ اطمینان بھی کچھ اِس طرح کا کہ جیسے اپنے ہی گھر میں رکھی کوئی چیز اتنی بُری لگنے لگے کہ آپ تنگ آ کے اُسے باہر پھینک دیں اور پھر بڑے سکون سے بیٹھ جائیں کہ اب وہ شے آپ کو دکھائی نہ دے گی، جو پہلے ذہنی انتشار کا باعث بنتی تھی ———

لیکن ایک روز جو میں لائبریری کے دروازے پر پہنچا ہوں تو داؤد ——— سامنے جعفری کے پاس بیٹھا ہوا تھا۔ میرے قدم وہیں رُک گئے۔ جی چاہا واپس چلا جاؤں لیکن پھر سوچا، میں تو جعفری سے ملنے آیا ہوں۔ داؤد سے کیا غرض۔ میں نے اُسے سلام بھی نہ کیا۔ چُپ چاپ جعفری کے پاس بیٹھ گیا۔ جعفری باہر کہہ رہا تھا لیکن اُس کی آواز میں اگر محبت نہ تھی تو نفرت بھی نہ تھی۔ کچھ دیر وہ باتیں کرتے رہے، پھر چُپ ہو گئے۔ داؤد کا حُلیہ ویسا ہی تھا۔ وہی چہرہ، وہی رنگت، وہی گلابی بُش شرٹ، نیلی دھاریوں والا پاجامہ اور پھٹے پھٹے سلیپر ——— کپڑے البتہ دُھلے ہوئے تھے لیکن چہرے کی نحوست ——— بہت دیر انتظار کرنے کے باوجود جب چودھری اور دوسرے دوست نہ پہنچے تو ہم لائبریری بند کر کے ریستوران کی طرف ہو لیے۔ سارے راستے میں ہم نے کوئی بات نہ کی۔ صرف جعفری نے اتنا کہا تھا۔

"چائے بھی کیا چیز ہے، دیکھ کے ہی ساری تھکن نَو دو گیارہ ہو جاتی ہے ———" اس کے بعد پھر ہمارے لبوں پہ

قفل لٹک گئے۔

ریستوران میں جا کے بیٹھے تو باہر اندھیرا پھیل چکا تھا۔ بیرا آیا تو جعفری نے محض تکلّف کے طور پر داؤد سے پوچھ لیا۔

"چائے پئیں گے نا آپ بھی ——" داؤد ہلکی سی کھسیانی ہنسی ہنسا۔ پھر کہنے لگا۔

"پہلے اگر کھانا منگوا دیں تو اچھا ہے۔ پھر چائے پی لیں گے" —— اُس کی آواز میں مجبوری تھی۔ جعفری نے نہ چاہتے ہوئے بھی کھانے کا آرڈر دیا اور اپنے لیئے چائے منگوالی۔ ہم چائے پیتے رہے اور داؤد کھانا کھاتا رہا۔ کھاتا نہیں تھا پل پڑا تھا۔ اور مجھے پہلی بار احساس ہوا کہ نہ جانے وہ کتنے دنوں کا بھوکا ہے لیکن پھر بھی اُس کی بے تکلّفی نے مجھے جیسے کاٹ کھایا تھا۔ مَیں نے اُس سے پوچھا۔

"سُنا ہے آپ فلموں کے لیئے گیت بھی لکھتے ہیں ——؟" میرا لہجہ ایسا تھا جیسے کہنا چاہتا ہوں، سُنا ہے تم جھک بھی مارتے ہو۔ روایتی قسم کی مسکراہٹ لبوں پہ آئی جسے روٹی کے لقمے نے چھین لیا۔ آنکھیں پلیٹ کی سطح پہ گڑائے کہنے لگا۔

"شاعر تو مَیں کہاں ہوں جی —— نہ تعلیم ہے، نہ مشاہدہ، نہ فکر —— ہاں! چند الفاظ جوڑ لیتا ہوں"۔

مَیں نے اصلی بات پوچھی "تو کیا فلم والے آپ کو پیسے نہیں دیتے ——؟" مَیں کہنا بھی یہی چاہتا تھا کہ میاں! جب فلموں سے تمہیں پیسے ملتے ہیں تو ہمارے سر بوجھ کیوں ڈالتے ہو، رُک کے بولا —— "دو چار روز روٹی کھلا دیتے ہیں میرے لیئے یہی کافی ہے، نہ اُنہوں نے کبھی کچھ دیا، نہ مَیں نے مانگا۔ مانگ کے کروں گا کیا۔ مانگوں بھی تو کس کے لیئے۔ تنہا آدمی ہوں۔ اچھی بُری گزر رہی ہے —— پھر پیسے لے کے اُنہیں چاٹنا ہے کیا ——؟" مجھے اُس کی یہ منطق نہایت واہیات لگی۔

اور جب چائے اُس کے سامنے آئی تو جعفری کو دیکھ کے وہ ایک بار پھر کھسیانی ہنسی ہنسا —— "جعفری صاحب! کھانا تو آپ نے کھلا دیا۔ اگر بگلے کا ایک سگریٹ بھی منگوا دیں تو ——" جعفری کا لہجہ بڑا درشت تھا۔ "میرے پاس تو پھوٹی کوڑی نہیں۔" داؤد پھر ہنس دیا "کوئی بات نہیں۔" جعفری کا تو اُس ریستوران میں حساب چلتا تھا، میری جیب میں البتہ پیسے ضرور تھے لیکن کون اب دو پیسے حرام کرتا، مَیں بھی چُپکا بیٹھا رہا —— داؤد نے ایک گھونٹ بھر کے پھر جعفری سے کہا۔

"مان گیا ہوں آپ کو تو۔ جعفری صاحب۔ کس سادگی اور بے تکلفی سے کہا ہے کہ میری جیب میں تو ایک پیسہ بھی نہیں۔ واہ واہ۔ سُبحان اللہ ——" اُس کے لہجے میں محبت تھی، جعفری بولا نہیں۔ لیکن مَیں اندر ہی اندر کھول اُٹھا۔ کرو خوشامد۔ شاباش بیٹے کرو خوشامد۔ ہمت تیرے کی —— جعفری کا موڈ تو ظاہر ہے، آف ہونا ہی تھا کہ بیچارے کے سر مفت کے کھانے کے پیسے آ گئے تھے۔ سو وہی موڈ لیئے وہ اُٹھا اور بات کیئے بغیر گھر چلا گیا۔ مَیں نے داؤد سے بات تک نہ کی۔ سلام

تک نہ کیا اور سائیکل پر بیٹھ کے گھر کی طرف ہو لیا۔

اگلے روز ہم سب لائبریری میں اکٹھے تھے۔ میں نے سارا قصہ دوسروں کو سنا دیا تھا۔ قصہ کیا سنا دیا تھا، اچھا خاصا افسانہ گھڑ لیا تھا۔ دوسروں نے بھی نمک مرچ لگا کے جو جعفری کو تنگ کیا تو وہ جیسے چلا اٹھا۔

"بس کرو یار، میرے تو باپ کی بھی توبہ جو اس کو پھر منہ لگا جاؤں ——" ہم سب بے حد خوش ہوئے، خوب ہنسے۔

اُس شام چودھری نے ہمیں چائے۔ فلم دکھائی اور پھر بچھڑنے سے پہلے ہم نے طے کر لیا کہ اگر اگلے روز داؤد لائبریری میں آئے تو اُسے جوتے مار کے وہاں سے نکال دیا جائے۔ بڑا شاعر بنا پھرتا ہے۔ جیب میں کھانے کو نہیں اور اکڑ ہمیں دکھاتا ہے، ہونہہ ——

لیکن دوسرے روز ہم سب بہت دیر تک منہ لٹکائے بیٹھے رہے، انتظار کرتے رہے لیکن داؤد نہ آیا۔ دوسرے روز بھی کیا، وہ تو پورے دو ماہ سے غائب تھا۔ جیسے وہ لائبریری کا راستہ ہی بھول گیا ہو۔ ہم نے بھی اُسے بھلا دیا، وہ یاد رکھنے کی چیز تھا ہی کب، جو اُسے یاد رکھا جاتا ——

اب تو ہمارا اپنا ملنا جلنا بھی کم ہو چلا تھا۔ شریف کی تبدیلی ہو گئی تھی اور وہ چلا گیا تھا۔ شاہ صاحب کو جانے کیا ہوا کہ ایک دم تسبیح سنبھال کے مصلے پر بیٹھ گئے اور چودھری کو دنیا کے بکھیڑوں نے اُلجھا دیا۔ ایک بار آیا بھی تو سخت متفکر تھا۔ اُس کے بڑے بیٹے کی شادی ہو رہی تھی، اُسی کے انتظام میں بے چارہ دن رات بھاگتا رہتا تھا۔ بس لے دے کے جعفری اور میں ہی رہ گئے تھے، جو کم و بیش روز مل لیتے تھے۔ جعفری کی تنخواہ بڑی قلیل تھی، کھانے والا اچھا خاصا خاندان تھا، لیکن اس کے باوجود ہر روز شام جب تک ریستوران میں چائے نہ پیتا، اُسے آرام نہ ملتا تھا۔ ہم دونوں اکٹھے جایا پیئے جاتے تھے۔ کوئی دو ماہ گزر گئے۔ ان مہینوں میں نہ تو چودھری دکھائی دیئے اور نہ ہی داؤد کی خبر ملی۔ ایک روز تو میں نے جعفری سے پوچھ ہی لیا۔

"اس کا سُراغ لگانا چاہیئے کہ چودھری نے شادی بیٹے کی رچائی ہے یا اپنی، جو وہ سرے سے غائب ہی ہو گیا ہے۔"

دوسرے ہی روز جب ہم لائبریری سے اُٹھنے لگے تو چودھری اچانک چلا آیا۔ جعفری نے تو دیکھتے ہی جیسے نعرہ لگایا۔

"بڑی عمر ہے آپ کی بھی چودھری صاحب، ابھی کل ہی آپ کو یاد کر رہے تھے۔" چودھری نے بیٹھ کے سگریٹ سلگایا اور پھر سر کرسی کی پشت پر ٹیک دیا۔ وہ خاصا پریشان دکھائی دے رہا تھا۔ داڑھی بڑھی ہوئی تھی، کپڑے بھی میلے تھے اور ہونٹ خلافِ معمول بھنچے ہوئے تھے۔ ہم اُٹھے اور ریستوران کو ہو لئے۔ راستے میں پوچھا "کیا بات ہے چودھری صاحب۔ آپ راستہ بھولے بھی ہیں تو اتنے پریشان اور کھوئے ہوئے ہیں کہ ——"

میز کے گرد بیٹھ کے چودھری بڑے دُکھ سے بولا۔

"کیا کہوں یار۔ زندگی کے دُکھ بڑے عجیب ہیں۔ ایک ختم نہیں ہوتا کہ دوسرا گردن دبوچ لیتا ہے۔ بیٹے کی شادی میں اسی لیے ٹالتا آرہا تھا کہ تھوڑا کر کے ہم کچھ بنالیں گے۔ آخر بیٹے کی شادی تھی۔ ابھی کچھ ہوا تھا اور کچھ نہیں ہوا تھا کہ لڑکی والوں نے الٹی میٹم دے دیا ہے کہ شادی نہیں کرتے تو رشتہ کسی اور جگہ دے دیں گے۔ اب یار ——" چودھری نے جھک کے جام کا گھونٹ بھرا اور پھر چُپ ہو گیا۔ مریض سے نہ کونین کی گولی نگلی جاتی تھی نہ بے چارہ تھوک سکتا تھا۔ چودھری نہ کہہ سکتا تھا اور نہ ہی چُپ رہ سکتا تھا ——

"اب یار —— اور تیاری تو میں نے کر لی ہے لیکن شام بارات جائے گی۔ اور میری جیب میں ایک پیسہ تک نہیں ——" چودھری نے بڑے دُکھ سے آنکھیں بند کر کے سگریٹ کا کش لیا اور دُھواں یوں اُگلا جیسے سینے کا سارا درد اُگل رہا ہو۔ جعفری نے زمانے کے تھپیڑے کچھ زیادہ ہی کھائے تھے، اُس کی آنکھیں گیلی ہو گئیں، کانپتی آواز میں بولا۔

"چودھری صاحب قسم خدا کی، گھر کا خرچ اُدھار چل رہا ہے۔ میرے پاس اگر دس روپے بھی ہوتے تو میں حاضر کر دیتا —— کاش! میں آپ کے لیے کچھ کر سکتا ——" میں نے اپنے دل کو کُریدا۔ میرے پاس چھ سَو روپے تھے تو، لیکن سردیاں آرہی تھیں۔ سُوٹ بنوانا تھے، کئی دوسری چیزیں خریدنا تھیں۔ چودھری کو دے کے لیتا رکس سے۔ میں نے بھی رسمی سے دو چار فقرے کہہ کر اپنی معذوری کا اظہار کر ڈالا۔

"نہیں بھائی۔ تم دل چھوٹا نہ کرو۔ جانتا ہوں سب کے حالات ایک جیسے ہیں۔ پھر دس بیس سے کام بھی تو نہیں چلتا۔" تھوڑی دیر ہم تینوں سر جُھکا کے بیٹھے رہے۔ بقیہ چائے وہیں ٹھنڈی ہو گئی۔ جو پی تھی اُس کا لطف بھی کرکرا ہو گیا تھا۔ پھر چودھری اُٹھ کھڑا ہوا۔

"چلو یار۔ ایک سیٹھ کے پاس چلتے ہیں۔ کسی زمانے میں میں نے اُس کی بڑی مدد کی تھی۔" ہم اُٹھ کے باہر نکل آئے۔ چودھری کہہ رہا تھا۔

"جس زمانے میں الیکشن تھے۔ میں نے اخبار کے ذریعے اُسے خوب اُچھالا تھا۔ میرے سہارے ہی تو وہ جیسا تھا۔

گلیاں ناپتے، سڑکیں طے کرتے ہم شہر کے نسبتاً تنگ اور تاریک علاقے میں جا نکلے۔ چودھری نے ایک تین منزلہ مکان کے سامنے رُک کے کال بیل پہ ہاتھ رکھا اور دوسرے لمحے ہم سیٹھ صاحب کے سامنے تھے۔ انہوں نے بڑی گرمجوشی سے چودھری کا استقبال کیا۔ فوراً نوکر کو بُلا کے چائے کا کہا اور جب کسی قدر گھٹی آواز میں چودھری نے بات کہی تو سیٹھ صاحب بولے۔

"یار چودھری سچی بات ہے، تم سے بڑھ کے اور کون سی شے پیاری ہو سکتی ہے اور پھر تمہارے تو میرے اوپر احسان بھی ہیں۔ لیکن یار! اس کاروبار کا کیا کہوں۔ ان دنوں تو یوں سمجھو کہ بالکل ہی ٹھپ ہے۔ خرچ ہی خرچ ہے اور آمدن نام کی نہیں۔ یار! تم کہو گے ——— بھئی! اگر دو چار روز تک پھر آؤ تو امید ہو سکتی ہے، اس وقت تو مجھے معذور سمجھو۔" ہمیں یقین تھا کہ چودھری اگر ایک بار بھی اور کہتا تو کام بن سکتا تھا، لیکن میں جانتا تھا کہ ایک مرتبہ بھی اس نے کتنی مشکل سے چند الفاظ کہے تھے۔ جیسے اس کا دل اندر ہی اندر ڈوب رہا ہو۔

